لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعۃ المبارک 23 اکتوبر 2026ء 1448ھ 11 جمادی الاول 9 کاتک صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 269

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

55. کیا تم اپنی نفسانی خواہش پوری کرنے کے لئے عورتوں کو چھوڑ کر مَردوں کے پاس جاتے ہو بلکہ تم جاہل لوگ ہو. 56 تو ان کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ کہنے لگے: تم لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال دو (سورۃ البقرہ)

مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں، بات چیت کرنی ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں، اپوزیشن

پارلیمانی تقاریر قوموں کی تاریخ محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہوتی ہیں، پارلیمنٹ میں جو باتیں ہمارا حق ہیں، ان کے لیے بھی ہمیں لڑنا پڑتا ہے، اسپیکر کا اختیار قوانین کی کتاب کے مطابق ہونا چاہیے، محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور دیگر نے موجودہ صورت حال پر پریس کانفرنس

مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر اب کون بھروسہ کرے گا، ہم نے سیاسی مذاکرات کے لیے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا گیا تھا جبکہ ہماری سنجیدگی ہی تھی جس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملاقات کے لیے گئے تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت اگر مذاکرات کیلیے سنجیدہ ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں ورنہ بات چیت کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں کرسکتے۔ اپوزیشن رہنماؤں محمود خان اچکزئی، بیرسٹر گوہر اور دیگر نے موجودہ صورت حال پر پریس کانفرنس کی۔ جس میں گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزائی نے کہا کہ اپوزیشن رہنماؤں کی تقاریر کا ریکارڈ محفوظ آئینی نقاضہ ہے اور یہ ہونا چاہیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بیرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز پی ٹی آئی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

سپریم کورٹ: ریکروٹمنٹ رولز 2014 بحال، فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم

سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کاؤنٹر یا ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، جسٹس عائشہ اے ملک کا تحریری فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کا 17 اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا۔ جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلہ جاری کر دیا، سروس ٹریبونل نے 15 جولائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

بیرونی خلا میں ہتھیاروں کی دوڑ کی روک تھام کیلئے قانونی طور پر پابند معاہدہ پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہوگیا ہے، پاکستان

اقوام متحدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے خبردار کیا ہے کہ بیرونی خلا کو ہتھیاروں سے لیس کرنے کا معاملہ اب محض نظریاتی بحث نہیں رہا بلکہ ہتھیاروں کی عملی تنصیب کے مرحلے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم یوتھ پروگرام اور فزیشنز ریونیو گروپ، پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم یوتھ پروگرام اور فزیشنز ریونیو گروپ، پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے۔ اس شراکت داری کا مقصد امریکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اپیکس کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، افیڈرل اپیکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

وزیراعظم

وفاقی حکومت عسکری قیادت کے ساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے مسائل حل کریگی

امن اور ترقی کا دور واپس لاکر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، شہباز شریف، صوبے میں امن و امان کا قیام ہماری اولین ترجیح ہے، خیبر پختونخوا میں پائیدار امن و استحکام کے لیے وفاق کا تعاون ضروری ہے، فیصل کنڈی

وفاقی حکومت نے پی ٹی آئی کے وزرائے اعلیٰ کو یقین دلایا تھا کہ انسداد دہشت کے لئے آپ کے ساتھ کھڑے ہیں، گذشتہ ڈھائی سال میں ملکی معیشت کو بحال کرنے کے لئے دن رات محنت کی گئی، سیاسی اور عسکری قیادت کی دن رات کوششوں سے ملکی معیشت مستحکم ہو چکی ہے

ہم خیبر پختونخوا کو مزید جلتے ہوئے دیکھتے رہتے؟ ہم نے سیاسی کمیٹی بنائی انھوں نے اڑتالیس گھنٹے تک مذاکرات میں بہت محنت کی، کب تک ہم خیبر پختونخوا میں خون ریزی برداشت کرتے رہتے؟، انہوں نے خیبر پختونخوا کے انتہائی خراب حالات پر صدر مملکت سے دوبار مشاورت کی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وفاقی حکومت، عسکری قیادت کے ساتھ ملکر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی، خیبر پختونخوا میں خوشیاں، امن اور ترقی کا دور واپس لاکر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرمیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا۔ وہ جمعرات کو گورنر ہاؤس پشاور میں نیشنل ایکشن پلان کی فیڈرل اپیکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف کو فیڈرل اپیکس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

پنجاب میں بدمعاشی کلچر برداشت نہیں کیا جائیگا اور ایسے عناصر کو معاف نہیں کیا جائیگا

مریم نواز

مریم نواز کا خواتین اور بچوں کے خلاف بڑھتے جرائم پر اظہار برہمی، جرائم کی روک تھام اور پولیس کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو چار ہفتوں کی مہلت دے دی

منشیات کے خاتمے، جرائم کے ہاٹ سپاٹس کی نشاندہی اور جرائم پیشہ نیٹ ورکس توڑنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں، ہجوم سے نمٹنے کے لیے مخصوص آر ایم سی پولیس فورس کی استعداد کار بڑھانے کا عمل جاری رکھا جائے: وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کی روک تھام اور پولیس کی کارکردگی بہتر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

صوبوں اور اصلاحات پر قومی مباحثہ، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی پر

پائیدار ترقی کیلئے سماجی شعبے کو مضبوط بنانا ضروری ہے، دنیا میں کوئی ایسا ملک نہیں جس نے ترقی کی ہو اور اس کے بچے سکولوں سے باہر ہوں: احسن اقبال

اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی وقت کی اہم ضرورت ہے، مضبوط بلدیاتی نظام کے ذریعے ہی عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں: مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں انتظامی تنظیم نو، نئے صوبوں کے قیام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی سے متعلق قومی مباحثے میں حکومتی و اپوزیشن رہنماؤں، پالیسی ماہرین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز ملاقات کرتے ہوئے

وفاقی حکومت کی سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلیریشن جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

فردوس شمیم نقوی 30 سال سے پی ٹی آئی سے وابستہ ہیں، ان کی پارٹی کے لیے بہت خدمات ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے بتایا ہے کہ میں نے پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری فردوس شمیم نقوی کا استعفیٰ منظور نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر علی خان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان مذہبی، ثقافتی اور اقتصادی روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

مذہبی اور ثقافتی روابط کو مزید وسعت دے کر دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو نئی جہت دی جا سکتی ہے، فریقین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے ترکمانستان کے سفیر آتا جان مولاموف کی ملاقات کی جس میں پاکستان اور ترکمانستان کے مابین مذہبی تعلیم، ثقافت، باہمی روابط اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا بھی شریک تھے۔ تفصیلات کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

آزربائیجان: چیف جسٹس آف فیڈرل کونسٹیٹیوشن کورٹ جسٹس امین الدین خان کلچرل نمائش دیتے ہوئے

آڈیٹر جنرل پاکستان کا شفاف طرزِ حکمرانی کے لیے ڈیجیٹل پروکیورمنٹ کی اہمیت پر زور، سرکاری افسران کو یقینی بنانا چاہیے کہ عوامی پیسے کو ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ خرچ کیا جائے، مقبول احمد گوندل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آڈیٹر جنرل پاکستان مقبول احمد گوندل نے شفافیت کو فروغ دینے اور مالی بے ضابطگیوں کی روک تھام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

پاکستان معاشی استحکام کیلئے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے کوشاں ہے، قیصر احمد شیخ

پاکستان کو چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: اپوزیشن رہنما پریس کانفرنس کرتے ہوئے

حکومت بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، جام کمال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ حکومت برآمد کنندگان کو درپیش مسائل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع، تمام مقدمات کا ریکارڈ طلب

سپریم کورٹ نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کرلیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

صدر مملکت 22 تا 24 اکتوبر جرمنی کا دورہ کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

دورے کے دوران صدر مملکت وفاقی جمہوریہ جرمنی کے صدر کے ساتھ ساتھ اعلیٰ قیادت اور کاروباری رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری 22 سے 24 اکتوبر 2026 تک جرمنی کا دورہ کریں گے۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دورے کے دوران صدر مملکت وفاقی جمہوریہ جرمنی کے صدر کے ساتھ ساتھ اعلیٰ قیادت اور کاروباری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

حنا پرویز بٹ کی باتیں حکومت کیلئے شرمندگی کا باعث بنتی ہیں

وزیراعظم کے مشیر سنجیدہ ٹوئٹس کرتی ہیں میں اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتی، ن لیگی ایم پی اے ناسمجھی میں شاید ایسی باتیں کر جاتی ہیں

پنجاب میں بچوں اور خواتین کے خلاف جرائم میں پولیس کے پاس صرف 2 گھنٹے ہوتے ہیں، ان کیسز میں پولیس کو ملزمان کو گرفتار کرنا ہوتا ہے: وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ حنا پرویز بٹ کی باتیں اُن کے لیے مسئلہ اور حکومت کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک کی جمہوریہ کوریا کے قومی دن اور یومِ مسلح افواج کی تقریب میں شرکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے جمہوریہ کوریا کے قومی دن اور یومِ مسلح افواج کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب میں شرکت کی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی اور حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ احسن اقبال سے رابطہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی اور حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ احسن اقبال نے رابطہ کیا اور طے پایا کہ پٹرولیم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

تحریک انصاف مذاکرات کے لیے تیار نہیں تو زبردستی بات نہیں ہو سکتی

مصدق ملک

مولانا فضل الرحمان کسی سیاسی معاملے پر ناراض ہیں تو حکومت کو کوشش کر کے انہیں منانا چاہیے' وفاقی وزیر

حکومت کے پاس ایک بڑا موقع تھا کہ سیاسی تقسیم کم کی جاتی اور مذاکرات کے ذریعے ایسا طریقہ کار وضع کیا جاتا جس سے بات چیت کے راستے کھلتے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک میں سیاسی کشیدگی کم کرنے اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا، سلمان اکرم راجہ

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریکِ انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی سے متعلق غلط بیانیہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعاون کے فروغ کے وسیع امکانات ہیں، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعاون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

دہشتگردی کے خلاف پاکستان اور یورپی یونین کا مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم

پاکستان اور یورپی یونین نے افغانستان کی صورتحال کے سیکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اسلام آباد میں دسواں دور ہوا، جس میں دہشتگردی کے خلاف مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستانی وفد کی قیادت ڈی جی انسداد دہشتگردی ڈاکٹر فریحہ بلٹی نے کی، یورپی یونین کے انسداد دہشتگردی کیلئے خصوصی ایلچی انا استرزاسکا نے یورپی وفد کی قیادت کی۔ دفتر خارجہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے

گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا

رواں برس دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے۔ صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال اور معاشی و تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت یہ دورہ جرمنی کے صدر فرینک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ صدر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز و ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، محمد علی

پاکستان کو معاشی چیلنجز سے نکالنے اور مستقبل میں مزید مضبوط بنانے کے لیے عزم، صبر اور مسلسل محنت کی ضرورت ہے، مشیر نجکاری

صرف ترسیلاتِ زر پر انحصار کافی نہیں، برآمدات بڑھانے کے لیے اعلیٰ معیاری مصنوعات اور خدمات کی تیاری کی ضرورت ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، اصل مسئلہ ان پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد اور تسلسل کا ہے، پاکستان کو معاشی چیلنجز سے نکالنے اور مستقبل میں مزید مضبوط بنانے کے لیے عزم، صبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

گروپ کیپٹن عاصم طارق کا قتل، ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد

ملزم کا صحت جرم سے انکار، آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان طلب کر لئے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسدادِ دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے گروپ کیپٹن عاصم طارق کے قتل کیس میں ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد کر دی۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی، ملزم سعد عباسی کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے ملزم پر فرد جرم عائد کر دی جبکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

تجاویز کی روشنی میں مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، بلال اظہر کیانی

طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے

صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے ان کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اضلاع میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کیس میں ٹیچر کو نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد: (اے ایف پی) وفاقی آئینی عدالت نے مبینہ جعلی ڈگری کے معاملے پر ٹیچر اصغر عباس اور سابق سٹنٹ ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

پاک امریکا دوطرفہ تعلقات کو انسداد دہشت گردی سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب نئی سمت کی ضرورت ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاک امریکا دو طرفہ تعلقات کو انسداد دہشت گردی سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب نئی سمت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز کی ملاقات

پارلیمانی سفارتکاری علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز نے ملاقات کی جس میں اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ پارلیمانی و اقتصادی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

عورتوں اور بچوں کیخلاف جرائم سمیت امن و امان کی مجموعی صورتحال میں بہتری کیلئے پولیس کو چار ہفتے کی مہلت

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مجوزہ دھرنے کے دوران بہترین ڈیوٹی پر آر ایم سی کو سراہا

جرائم کے ہاٹ سپاٹ کی نشاندہی اور نیٹ ورک توڑنے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جائیں: مریم نواز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت امن و امان پر خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں آر پی او ز اور ڈی پی او ز نے ویڈیو لنک پر شرکت کی۔ اجلاس میں ہر ڈویژن اور ڈسٹرکٹ سے متعلق امن و امان پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عورتوں اور بچوں کے خلاف بڑھتے جرائم پر برہمی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عورتوں اور بچوں کیخلاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: آڈیٹر جنرل پاکستان مقبول احمد گوندل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar — شہر شہر، نگر نگر

کھاریاں کچہری میں ٹف ٹائلز پارکنگ منصوبے کا سنگِ بنیاد رکھ دیا گیا

کھاریاں کچہری میں ٹف ٹائلز پارکنگ منصوبے کا سنگِ بنیاد رکھ دیا گیا

کھاریاں (راجہ سلطانی) کھاریاں کچہری میں وکلاء کی سہولت کے لیے جدید ٹف ٹائلز پارکنگ منصوبے کا سنگِ بنیاد رکھ دیا گیا تقریب میں صدر بار ایسوی ایشن کھاریاں چوہدری خالد حسین ایڈووکیٹ اور اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں احمد شہیر گوندل نے شرکت کی جبکہ امیدوار برائے صدر بار چوہدری محمد طارق امرہ ایڈووکیٹ سمیت وکلاء کی کثیر تعداد بھی موجود تھی اس منصوبے کا مقصد کچہری میں وکلاء کی گاڑیوں کی پارکنگ کے مسائل کو کم کرنا اور کچہری کے ماحول کو بہتر بنانا ہے۔ اس موقع پر شرکاء نے منصوبے کو وکلاء برادری کے لیے ایک اہم سہولت قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 نوجوانوں کی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین پلیٹ فارم ہیں۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 حکومت پنجاب کا ایک شاندار اقدام ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈویژن بھر کے تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے فروغ کے لیے رجسٹریشن کے عمل کو تیز کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ طلبہ و طالبات کی شرکت یقینی بنائی جائے۔ وہ سی ایم پنجاب یوتھ گیمز 2026 کے لیے رجسٹریشن کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز شبیر حسین بٹ، اسسٹنٹ کمشنر جنرل غلام حسین بھٹی، ڈویژنل سپورٹس آفیسر نثار الحق، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر، سی ای او ایجوکیشن اور سکولوں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ٹیم کے ٹرائلز کے شاندار انتظامات ماڈل ٹاؤن وائٹ گراؤنڈ میں کھلاڑیوں کے لیے بہترین سہولیات فراہم

ڈھلیانہ (مہر مشتاق احمد) ٹیم کے ٹرائلز کے شاندار انتظامات ماڈل ٹاؤن وائٹ گراؤنڈ میں کھلاڑیوں کے لیے بہترین سہولیات فراہم لاہور کرکٹ ٹیم کے صدر خواجہ ندیم چنی کے خصوصی آرگنائز کیا۔ شاندار انتظامات اور مہمانِ خصوصی کی آمد گراؤنڈ میں کھلاڑیوں اور مہمانوں کے لیے مثالی سہولیات فراہم کی گئی تھیں۔ شرکاء کے لیے پرتعیش لنچ، پانی کی بوتلیں اور خصوصی فریج کا انتظام کیا گیا

احکامات کی روشنی میں ماڈل ٹاؤن وائٹ گراؤنڈ میں نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ٹرائلز کا انعقاد کیا گیا۔ ان ٹرائلز کو ٹرائل کمیٹی کے چیئرپرسن ڈاکٹر عبدالستار اور ان کی پوری ٹیم نے انتہائی بہترین اور شاندار انداز میں تاکہ گرمی میں ٹھنڈا پانی دستیاب رہے۔ اس کے علاوہ بیٹھنے کے لیے بہترین نشستوں کا بندوبست اور گراؤنڈ میں اعلیٰ درجے کا ڈسپلن برقرار رکھا گیا۔ نوجوان کھلاڑیوں کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

زندگی کے سفر میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے سچائی دیانت داری اور اچھے کردار کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، عباس علی مغل

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ڈکا سے) معروف پریس فوٹو گرافر عباس علی مغل نے کہا ہے کہ جھوٹ انسانیت پر ایک بڑا دھبہ ہے جو نہ صرف انسان کے کردار کو متاثر کرتا ہے بلکہ اس کی سماجی زندگی اور باہمی تعلقات کو بھی نقصان پہنچاتا ہے جو لوگ جھوٹ کا سہارا لے کر خود کو پاکیزہ پاک دامن اور اپنی جھوٹی انا کا اسیر سمجھتے ہیں وہ درحقیقت اپنی ترقی کی راہ میں خود رکاوٹیں کھڑی کرتے ہیں زندگی کے سفر میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے سچائی دیانت داری اور اچھے کردار کو بنیادی اہمیت حاصل ہے جھوٹ کی بنیاد پر آگے بڑھنے کے خواب دیکھنے والے افراد اکثر اعتماد اور اعتبار کھو بیٹھتے ہیں جس سے ان کے مسائل میں اضافہ ہوتا ہے اسی طرح دوستی جیسے مخلصانہ رشتے میں جھوٹ کا سہارا لے کر تعلقات مضبوط (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سروسز	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہم ڈسپنسری	99212111
موٹروے پولیس	130
وفاقی پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایڈیشنل چیف سیکرٹری	111-000-118
سول ڈیفنس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
ثمر بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی ترقی، عوامی خوشحالی اور تعمیر و ترقی کو اپنی سیاست کا بنیادی مقصد بنایا ہے، چوہدری لیاقت علی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما چوہدری لیاقت علی اتفاق فونڈری والے نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی ترقی، عوامی خوشحالی اور تعمیر و ترقی کو اپنی سیاست کا بنیادی مقصد بنایا ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں موٹرویز، جدید شاہراہوں، توانائی کے منصوبوں، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں نمایاں اقدامات کیے گئے، جبکہ موجودہ دور میں بھی عوام کو ریلیف فراہم کرنے، نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری ریاض الحق جج ایم این اے، میاں محمد منیر ایم پی اے کی قیادت میں اوکاڑہ شہر کے عوام کی خدمت کے لیے ہمہ وقت متحرک رہنا ہمارا عزم ہے۔ عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

محنت کش کی اغوا ہونے والی بیوی کو تاحال پولیس برآمد نہ کر سکی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محنت کش کی اغوا ہونے والی بیوی کو تاحال پولیس برآمد نہ کر سکی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقہ منظور احمد جھن کے ڈیرہ پر کام کرنے والے محنت کش محمد سلیم کی بیوی 22 سالہ رخسانہ بی بی کو نامعلوم ملزمان حرام کاری کی نیت سے اغوا کر کے لے گئے تھے جس پر تھانہ کوٹلی سید امیر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے تاہم ملزمان کو ابھی

گوہدپور اور نواں پنڈ میں کارروائی کرتے ہوئے دو غیر قانونی پٹرول پمپس سربمہر کر دیئے گئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد اویس مشتاق کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شبیر نے گوہدپور اور نواں پنڈ میں کارروائی کرتے ہوئے دو غیر قانونی پٹرول پمپس سربمہر کر دیئے۔ متعلقہ کیسز مزید قانونی کارروائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

دباؤ کے بغیر اپنی سیاسی سرگرمیاں جاری رکھنے کا عزم رکھتے ہیں، چوہدری امان اللہ گھمان

ڈسکہ (نمائندہ سحر) تحریک انصاف کے نوجوان رہنما چوہدری امان اللہ گھمان نے کہا ہے کہ پارٹی ملک میں حقیقی جمہوریت کی بحالی، آئین و قانون کی بالادستی اور عوام کے بنیادی سیاسی حقوق کے تحفظ کی جدوجہد کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے پُرعزم ہے۔ تحریک انصاف نے ہمیشہ عوام کے سیاسی، جمہوری اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کی اور پارٹی قیادت و کارکنان کسی بھی دباؤ کے بغیر اپنی سیاسی سرگرمیاں جاری رکھنے کا عزم رکھتے ہیں۔ انہوں نے حکومت کی معاشی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے کہا ہے کہ حکمران طبقے کی ملک و عوام دشمن پالیسیوں کے باعث ملک بھر میں مسائل اور مشکلات کے انبار لگ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے طوفان نے غریب عوام کا جینا محال کر دیا ہے۔ غریب سے دو وقت کی روٹی کا سہارا بھی چھن چکا ہے انہوں نے کہا کہ بجلی، گیس، پٹرولیم مصنوعات اور دیگر اشیائے خور و نوش، اشیائے ضروریہ پر لگائے جانے والے ظالمانہ اور بے جا ٹیکسز کو ختم کیا جائے۔

دیپالپور روڈ نزد 49 ٹوائیل کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) دیپالپور روڈ نزد 49 ٹوائیل کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع، تفصیلات کے مطابق موٹر سائیکل سوار کراسنگ کے دوران ٹرک کے نیچے آ گیا، حادثہ میں نوجوان شدید زخمی ہو گیا، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں فوری ریسپانس کیا، نوجوان کو فوراً طبی امداد فراہم کی گئی، طبی امداد کے بعد نوجوان کو ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی منتقل کیا گیا، زخمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

ارائیں کمیونٹی کوٹ رادھا کشن کا صحافی برادری کے اعزاز میں عشائیہ، خدمات کو سراہا گیا

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) ارائیں کمیونٹی کوٹ رادھا کشن کی جانب سے نجی ریسٹورنٹ میں

صحافی برادری کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں صحافیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا گیا۔ اس موقع پر ارائیں کمیونٹی کے سرپرست حاجی چوہدری عبدالرحمٰن، صدر چوہدری عبداللطیف، نائب صدر جنید امجد چوہدری، چیئرمین چوہدری رضا محمد، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے ضلع بھر کے تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد کی

چشتیاں (ملک زبیر انجم سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے ضلع بھر کے تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد کی۔ جس کا بنیادی مقصد محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے صوبے بھر میں نافذ کی گئی دفعہ 144 کے احکامات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنانا تھا۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق، شہریوں کی نجی زندگی، حساس معلومات اور اہم تنصیبات کی سیکورٹی کو لاحق خطرات کے پیشِ نظر پنجاب بھر میں 30 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے۔ اس پابندی کے تحت خفیہ ریکارڈنگ ڈیوائسز اور جاسوسی کے لیے استعمال ہونے والے تمام آلات پر مکمل پابندی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

دیپالپور سے اوکاڑہ کے لیے گرین بس سروس کا آغاز، شہریوں میں خوشی کی لہر

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) دیپالپور کے شہریوں کے لیے بڑی خوشخبری، سابق رکن قومی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی خصوصی کاوشوں سے بس اسٹینڈ دیپالپور سے اوکاڑہ کے لیے جدید گرین بس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام کو عوامی سفری سہولیات کی بہتری کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جس سے روزانہ سفر کرنے والے شہریوں، طلباء، ملازمین، کاروباری افراد، خواتین اور بزرگوں کو فائدہ پہنچنے کی امید ہے گرین بس سروس کے آغاز سے دیپالپور اور اوکاڑہ کے درمیان سفر کرنے والے مسافروں کو آمد و رفت کے لیے ایک جدید اور بہتر متبادل میسر آئے گا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دونوں شہروں کے درمیان روزانہ بڑی تعداد میں لوگ تعلیم، ملازمت، کاروبار، علاج معالجے اور دیگر ضروری امور کے سلسلے میں سفر کرتے ہیں، اس لیے معیاری پبلک ٹرانسپورٹ کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت تھی سابق ایم این اے حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی خصوصی کاوشوں سے اس سہولت کی فراہمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

بہیمانہ طور پہ قتل ہونے والے بچے حافظ زعیم کو انصاف فراہم کیے جانے کے لیے آڑھتیان سبزی و فروٹ منڈی اور ورثاء احتجاج کرتے ہوئے

چند روز قبل بہیمانہ طور پہ قتل ہونے والے بچے حافظ زعیم کو انصاف فراہم کیے جانے کے لیے آڑھتیان سبزی و فروٹ منڈی اور ورثاء کا احتجاج

عارف والہ (کرائم رپورٹر) انصاف دو انصاف دو، زعیم کو انصاف دو، تفصیل کے مطابق، سٹی عارف والہ میں چند روز قبل بہیمانہ طور پہ قتل ہونے والے بچے حافظ زعیم کو انصاف فراہم کیے جانے کے لیے آڑھتیان سبزی و فروٹ منڈی اور ورثاء کا مین قبولہ روڈ بند کر کے احتجاج۔ مقتول زعیم کو انصاف فراہم کرنے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائے جانے کا مطالبہ کر دیا، مظاہرین نے مین قبولہ روڈ اور تحصیل روڈ کی ٹریفک کو جام کر دیا، مقتول کے ورثاء کا کہنا ہے کہ ہمارے بیٹے کو ناحق قتل کیا گیا ہے، ہمارے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، یاد رہے چند یوم قبل مقتول زعیم کی ڈیڈ باڈی دو روز گمشدگی کے بعد اسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اراضی ریکارڈ سنٹر اور خدمت مرکز کا دورہ کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اراضی ریکارڈ سنٹر اور خدمت مرکز کا دورہ کیا۔ انہوں نے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کے عمل کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جنجوعہ بھی ہمراہ تھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے خدمت مرکز میں شہریوں کے رش کے پیشِ نظر کاؤنٹرز کی تعداد میں مزید اضافہ کرنے کی ہدایت کی تاکہ شہریوں کو خدمات کے حصول میں سہولت میسر آئے اور انتظار کے دورانیے میں کمی لائی جا سکے۔ انہوں نے دونوں مراکز میں جاری امور کا جائزہ لیتے ہوئے وہاں موجود شہریوں سے براہِ راست گفتگو کی اور انہیں درپیش مسائل اور فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کو اراضی کی رجسٹریشن، ریکارڈ اور دیگر سرکاری خدمات کی فراہمی میں آسانی، شفافیت اور بروقت سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے۔ عوامی سہولت کو مدنظر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

پریم نگر چیریٹی کنسرٹ کا 23 اکتوبر کو خیابان امین لاہور میں انعقاد ہوگا۔ ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی

لاہور (ڈاکٹر ندیم آصف چوہدری) سینیٹر پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی کی زیرِ سرپرستی 23 اکتوبر کو کرکٹ اسٹیڈیم خیابان امین میں فنڈ ریزنگ کنسرٹ کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہو گئی ہیں، چیئرمین پریم نگر

ڈاکٹر رمیش وانکوانی نے پریس کانفرنس سے خطاب میں کہا کہ مایہ ناز گلوکار استاد شفقت امانت علی، ذیشان علی اور کمسن نابینا بچہ فواد عالم اپنی گائیکی سے زندہ دلان شہر لاہور کے شہریوں کا دل جیتنے کیلئے 23 اکتوبر کو خیابان امین کے کرکٹ اسٹیڈیم میں لائیو پرفارم کریں گے۔ کنسرٹ کے اغراض و مقاصد، انتظامات، فنکاروں کی شرکت اور اس تقریب سے وابستہ فلاحی سرگرمیوں کے بارے میں میڈیا کو تفصیلات فراہم کرتے ہوئے مزید بتایا کہ پریم نگر چیریٹی کنسرٹ کا مقصد موسیقی اور ثقافت کے ذریعے خدمتِ انسانیت کے جذبے کو فروغ دینا اور پریم نگر کے فلاحی مشن کو آگے بڑھانا ہے۔ پریم نگر دی لینڈ آف لو، تھرپارکر کے علاقے اسلام کوٹ میں 150 ایکڑ پر محیط ایک منفرد فلاحی منصوبہ ہے جہاں خصوصی بچوں، یتیم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

پتوکی شہر اور گردونواح میں غریب عوام کا خون چوسنے کے لیے ناجائز منافع خور اور اسٹاکیے حرکت میں آ گئے

پتوکی (نامی نگار) پتوکی شہر اور گردونواح میں غریب عوام کا خون چوسنے کے لیے ناجائز منافع خور اور اسٹاکیے حرکت میں آ گئے ہر چیز گوداموں میں چھپا کر رکھتے ہیں جب دل کرے ریٹ بڑھا دیتے ہیں مختلف چپل کھجوریں گھی سمیت دیگر اشیاء ۔ خورد و نوش اشیاء کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں جبکہ متعلقہ حکام نے نوٹس لینے کی بجائے غریب عوام کو ان منافع خوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا پتوکی شہر اور گردونواح میں دن بہ دن ناجائز منافع خوری اور چیزیں اسٹاک حد سے بڑنے لگے منافع خور آئے روز اپنی من مرضی کے ریٹس سے مصنوعی مہنگائی کا طوفان برپا کر کے اپنی تجوریاں بھرنے لگے انتظامیہ نے عوام کو ریلیف دینے کی بجائے پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے، نوٹس لینے کی بجائے ان ناجائز منافع خوروں کو لوٹ مار کی کھلی چھٹی دے دی گئی جس کی وجہ سے ان کے وارے نیارے ہو گئے ہیں اور مال بنانے کے چکروں میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے صبح سویرے غلام محمد آباد، گلبرگ اور راجباہ روڈ پر قائم عارضی ویسٹ پوائنٹس کا دورہ کیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے صبح سویرے غلام محمد آباد، گلبرگ اور راجباہ روڈ پر قائم عارضی ویسٹ پوائنٹس کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی رنگزیب گورائیہ، ایم ڈی ستھرا پنجاب انجینئر عمران شمس بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے غلام محمد آباد اور راجباہ روڈ پر قائم عارضی کوڑا پوائنٹس کو فوری کلیئر کرنے اور وہاں سے بروقت کوڑا اٹھا کر صفائی ستھرائی یقینی بنانے کی تاکید کی اور کہا کہ عارضی ویسٹ پوائنٹس کے گرد باؤنڈری وال تعمیر کی جائے تاکہ کوڑا باہر سے نظر نہ آئے اور اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عارضی کوڑا پوائنٹس کو باقاعدگی سے خالی کیا جائے، کوڑے کو مناسب انداز میں ڈھانپ کر رکھا جائے اور صفائی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

پتوکی: پریس کلب رجسٹرڈ پتوکی کے زیر اہتمام عہدیداران اور کارکنان کے اعزاز میں شاندار عشائیہ، صحافتی امور پر گفتگو

پتوکی (چوہدری صدیق سے) پریس کلب رجسٹرڈ پتوکی کی جانب سے گزشتہ رات اپنا ڈیرہ ہوٹل میں پریس کلب کے عہدیداران اور کارکنان کے اعزاز میں شاندار عشائیے کا اہتمام کیا گیا، جس میں صحافیوں نے

اپنا ڈیرہ ہوٹل پر پریس کلب رجسٹرڈ پتوکی کے عہدیداران اور کارکنان کی گروپ فوٹو

بھرپور شرکت کی۔ تقریب سے صدر پریس کلب اور چیئرمین نے خطاب کرتے ہوئے صحافیوں کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں، ذمہ دارانہ صحافت، عوامی مسائل کی نشاندہی اور سماجی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافی برادری عوامی مسائل کو متعلقہ حکام تک پہنچانے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ تقریب کے دوران صحافیوں نے خوشگوار ماحول میں بھرپور انجوائے کیا اور باہمی اتحاد، بھائی چارے اور پیشہ ورانہ روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ پروگرام کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

ڈی ایس پی ٹریفک پولیس وزیر آباد ضمیر اعظم کو تبدیل کر کے راشد بشیر کو نیا ڈی ایس پی ٹریفک تعینات کر دیا گیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) ڈی ایس پی ٹریفک پولیس وزیر آباد ضمیر اعظم کو تبدیل کر کے راشد بشیر کو نیا ڈی ایس پی ٹریفک تعینات کر دیا گیا ہے۔ نئے

وزیر آباد۔ ڈی ایس پی ضمیر اعظم ۔ڈی ایس پی راشد بشیر وزیر آباد

تعینات ہونے والے ڈی ایس پی راشد بشیر سے شہریوں نے نیک توقعات وابستہ کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ شہریوں کے مطابق سابق ڈی ایس پی ٹریفک ضمیر اعظم نے اپنے دورِ تعیناتی میں شہریوں کے ساتھ ہمدردی، محبت، خوش اخلاقی اور اپنائیت کا مظاہرہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ضمیر اعظم جیسے ملنسار افسر عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

مثبت سرگرمیوں کے فروغ اور باہمی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے ایف ڈی اے سپورٹس گالا 2026ء کا انعقاد کیا جا رہا ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ادارہ کے ملازمین کی جسمانی صحت، ذہنی آسودگی، مثبت سرگرمیوں کے فروغ اور باہمی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے ایف ڈی اے سپورٹس گالا 2026ء کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ سپورٹس گالا میں سنوکر، لان ٹینس، پیڈل ٹینس، بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس کے مقابلے شامل ہیں، جن میں صرف ایف ڈی اے کے ملازمین حصہ لے سکیں گے۔ سپورٹس گالا کے مقابلے سپورٹس کمپلیکس ایف ڈی اے سٹی، سرگودھا روڈ، فیصل آباد میں نومبر کے پہلے ہفتے کے دوران منعقد ہوں گے۔ ڈائریکٹر آئی ٹی یاسر اعجاز چٹھہ کے مطابق کھیلوں میں حصہ لینے کے خواہش مند ملازمین کے لیے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 31 اکتوبر 2026ء مقرر کی گئی ہے، جبکہ رجسٹریشن فیس ایک ہزار روپے فی کس فی کھیل ہوگی۔ مقابلوں میں نمایاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

سیالکوٹ غیر قانونی منی پٹرول مشینوں اور ایل پی جی گیس ری فلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ رانا صفدر شبیر کی کاروائیاں متعدد منی پیٹرول مشینیں ضبط جبکہ خلاف ورزی کرنے والی متعدد دکانیں سیل کر دی گئیں اسسٹنٹ کمشنر رانا صفدر شبیر کا کہنا ہے کہ رہائشی علاقوں میں غیر قانونی منی پیٹرول مشینیں اور ایل پی جی گیس ری فلنگ کی دکانیں کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیں اور قیمتی انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہیں ان کا کہنا ہے کہ یہ پیٹرول پمپس نہیں بلکہ رہائشی علاقوں میں بم ہیں غیر قانونی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

ہڑپہ میں گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) محکمہ زراعت ساہیوال اور فوجی فرٹیلائزرز کمپنی کے باہمی تعاون سے ہڑپہ میں گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کے حوالے سے

ایک آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید نے شرکاء کو گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے اہم پیداواری عوامل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے منظور شدہ اور معیاری بیج کے استعمال، لائنوں میں کاشت اور گندم کی بروقت کاشت کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ جدید زرعی سفارشات پر عمل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

اتحادِ اہلِ سنت کے لیے عقائد و نظریات پر وضاحت ضروری ہے، رانا محمد اقبال سکندر قادری

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) تحریک صراط مستقیم علی پور چٹھہ کے رہنما رانا محمد اقبال سکندر قادری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ اتحادِ اہلِ سنت وقت کی اہم ضرورت ہے، تاہم اتحاد کے ساتھ عقائد و نظریات کی وضاحت اور شرعی اصولوں کی پاسداری بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اکابرین کا اصول ''پہلے اعتقاد، پھر اتحاد'' اس امر کا تقاضا کرتا ہے کہ فکری اور نظریاتی معاملات میں فکرِ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی سے وابستگی اور اس کے بنیادی اصولوں کو اہمیت دی جائے۔ رانا محمد اقبال سکندر قادری نے کہا کہ حالیہ اعلامیے کی بعض شقوں کے حوالے سے جو تحفظات سامنے آئے ہیں، ان کا قرآن و سنت اور دیگر شرعی دلائل کی روشنی میں سنجیدہ، مدلل اور غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جانا چاہیے، تاکہ اختلافی امور کی وضاحت ہو اور اہلِ سنت کے تحفظات کا مناسب ازالہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سیدہ فاطمہ الزہراؓ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

سید سجاد حیدر شاہ کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع دیپالپور کا چارج ملنے پر ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) سید سجاد حیدر شاہ کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع دیپالپور کا چارج ملنے پر ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس موقع پر دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ انہیں نئی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھانے، عوامی خدمت اور شعبہ زراعت کی ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہر قدم پر کامیابی و استقامت نصیب کریں زراعت پاکستان کی معیشت میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ دیپالپور اور گردونواح کے علاقوں میں کاشتکاری عوام کے روزگار اور معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ ایسے میں محکمہ زراعت توسیع کی مؤثر کارکردگی کاشتکاروں کی رہنمائی، جدید زرعی طریقوں کے فروغ اور فصلوں کی بہتر پیداوار کے لیے نہایت اہمیت رکھتی ہے امید ظاہر کی گئی ہے کہ سید سجاد حیدر شاہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے کاشتکاروں کو جدید زرعی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

چک نمبر 142/L-9 کی سول ویٹرنری ڈسپنسری میں عملے کی مبینہ غیر حاضری معمول بن گئی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے): چک نمبر 142/L-9 کی سول ویٹرنری ڈسپنسری میں عملے کی مبینہ غیر حاضری معمول بننے سے مقامی مویشی پال حضرات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے مویشیوں کے علاج معالجے کے لیے آنے والے افراد مبینہ طور پر عملے کی عدم موجودگی کے باعث دور دراز علاقوں میں جانے پر مجبور ہیں جس سے نہ صرف ان کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ انہیں اضافی اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں ذرائع کے مطابق عملے کی حاضری پر بھی سوالات اٹھنے لگے مقامی ذرائع کی جانب سے یہ الزام بھی عائد کیا گیا ہے کہ ڈسپنسری کا عملہ مہینے کے اکثر ایام میں غیر حاضر رہتا ہے تاہم رجسٹر حاضری میں چھٹی یا غیر حاضری کا اندراج موجود نہیں ہوتا باوثوق ذرائع کے

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

گاؤں ملکہ موج میں نکاسی آب کا سنگین مسئلہ سڑک تباہی کا شکار

۔سڑک پر جگہ جگہ گندہ پانی کھڑا ہونے اور کیچڑ جمع ہونے سے نہ صرف آمدورفت شدید متاثر ہو رہی ہے بلکہ اہلِ علاقہ کو روزمرہ زندگی میں بھی مشکلات کا سامنا، مکینوں کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس کا مطالبہ

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) گاؤں ملکہ موج کیدرمیان سے گزرنے والی اہم سڑک نکاسی آب کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث تالاب کا منظر پیش کرنے لگی ہے۔ سڑک پر جگہ جگہ گندہ پانی کھڑا ہونے اور کیچڑ جمع ہونے سے نہ صرف آمدورفت شدید متاثر ہو رہی ہے بلکہ اہلِ علاقہ کو روزمرہ زندگی میں بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی آبادی کیمطابق یہ سڑک گاؤں ملکہ موج کے علاوہ دیگر چار دیہات کے لوگوں کی آمدورفت کا اہم ذریعہ ہے، جبکہ قصبہ سیدوالہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

ایجوکیشن بورڈ بہاول پور اور نادرا کے مابین (NARIP) کے معاہدے پر دستخط کی تقریب میں ڈائریکٹر جنرل نادرا ملتان مس ناز شعیب کو گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے

ضلع فیصل آباد مارشل آرٹس ایسوسی ایشن کی پہلی ماہانہ میٹنگ کریسنٹ سپورٹس کمپلیکس میں منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ضلع فیصل آباد مارشل آرٹس ایسوسی ایشن کی پہلی ماہانہ میٹنگ کریسنٹ سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی جسکا اہتمام الحسام الحق چیئرمین نے کیا جس میں تمام مارشل آرٹس ایسوسی نے شرکت کی۔ محمد اشتیاق ترابی نے کہا کہ مارشل آرٹس کو فروغ دینے کے لئے ایسوسی ایشن ممبران کو نئے پلان متعارف کرائے جائیں۔ حاجی محمد رفیع صدر نے 9 نومبر کو 12 گیمز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال کا صفائی، انسدادِ سموگ آپریشن تیز

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال کا صفائی، انسدادِ سموگ آپریشن تیز

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال کا صفائی، انسدادِ سموگ آپریشن تیز، فیلڈ مانیٹرنگ مزید مؤثر بنانے کی ہدایت وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت نوشہرہ ورکاں میں صفائی، اینٹی لٹرنگ اور انسدادِ سموگ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال تحلیعالی کامونکی روڈ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کی زیرِ صدارت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ اہم میٹنگ

بہاولنگر سے (بیورو چیف +رانا محمد اشرف بیورو چیف جنوبی پنجاب + محمد جاوید چوہدری سے) ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کی زیرِ صدارت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ اہم میٹنگ؛ پنجاب بھر میں نافذ دفعہ 144 پر سختی سے عمل درآمد کرانے کی ہدایات تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولنگر محمد عمران نے ضلع بھر کے تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز کے ساتھ ایک اہم میٹنگ منعقد کی۔ جس کا بنیادی مقصد محکمہ داخلہ پنجاب کی جانب سے صوبے بھر میں نافذ کی گئی دفعہ 144 کے احکامات پر من وعن عمل درآمد کو یقینی بنانا تھا۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق، شہریوں کی نجی زندگی، حساس معلومات اور اہم تنصیبات کی سکیورٹی کو لاحق خطرات کے پیشِ نظر پنجاب بھر میں 30 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے۔ اس پابندی کے تحت خفیہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

عوامی ورکرز پارٹی (مارکسسٹ) کی پاکپتن ضلعی باڈی تشکیل، رانا اورنگزیب عالمگیر صدر منتخب

پاکپتن (نامہ نگار) عوامی ورکرز پارٹی (مارکسسٹ) کی پاکپتن ضلعی باڈی تشکیل، رانا اورنگزیب عالمگیر صدر منتخب تفصیلات کے مطابق عوامی ورکرز پارٹی (مارکسسٹ) کے مرکزی رہنما ڈاکٹر عاصم سجاد اختر، پنجاب کے صدر ایاز صفدر سندھو، جنرل سیکرٹری عارف ایاز، معروف مارکسی دانشور و پارٹی رہنما خالد محمود، کامریڈ ناصر اور کامریڈ فرمان نے اپنے تنظیمی دورے کے دوران رانا اورنگزیب عالمگیر کی رہائش گاہ پر منعقدہ تنظیمی اجلاس میں شرکت کی، اجلاس کی صدارت معروف مارکسی دانشور اور مارکسزم کے استاد محمد مسعود خالد نے کی، جبکہ نظامت کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

دربار بابا جان محمد قادری قلندری شہیدی میلہ انتظامیہ کی جانب سے پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) دربار بابا جان محمد قادری قلندری شہیدی میلہ انتظامیہ کی جانب سے پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں گدی نشین و سابق وائس چیئرمین کنٹونمنٹ بورڈ چوہدری زاہد مصطفیٰ نے کہا کہ میلے میں بارش کے باعث نیزہ بازی کا ایونٹ ختم کرنا پڑا، جبکہ دیگر تمام تقریبات مقررہ وقت پر منعقد ہوئیں چوہدری زاہد مصطفیٰ نے کہا کہ میلے کے انعقاد کے لیے ضلعی انتظامیہ سے باقاعدہ اجازت لی گئی تھی ان کے مطابق گزشتہ 37 سال سے میلے کا انعقاد ذاتی اخراجات پر کیا جا رہا ہے اور زائرین و مہمانوں کے انتظامات بھی انتظامیہ اپنی جیب سے کرتی ہے انہوں نے الزام عائد کیا کہ بعض افراد نے اپنے ناجائز مطالبات منوانے میں ناکامی کے بعد میلہ انتظامیہ کے خلاف منفی پروپیگنڈا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

انجمن خدمت خلق رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ (769 واں) اجلاس زیر صدارت میاں سعید احمد صراف منعقد

ڈسکہ (نمائندہ سحر) انجمن خدمت خلق رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ (769 واں) اجلاس زیر صدارت میاں سعید احمد صراف صدر بمقام آفس زچہ بچہ ہسپتال پسرور روڈ ڈسکہ منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جسکی سعادت مولانا محمد ایوب خاں نے حاصل کی۔ نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت انوار احمد سیال نے حاصل کی۔ جنرل سیکرٹری محمد انور مغل ایڈووکیٹ نے گزشتہ ماہانہ جلاس ماہ اگست 2026 کی کاروائی پیش کی، جسکی متفقہ طور پر توثیق (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

ایجوکیشن بورڈ بہاول پور اور نادرا کے مابین (NARIP) کے معاہدے پر دستخط کی تقریب

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں چیئرمین بورڈ اشتیاق احمد گوندل اور ڈائریکٹر جنرل نادرا ملتان مس ناز شعیب کے مابین NARIP معاہدہ پر دستخط کئے گئے۔ تقریب میں سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ، کنٹرولر امتحانات سید محمد وحید الزمان ہمدانی، آئی ٹی افسران محمد منشاء، محمد اکمل امین، محمد بلال، محمد اعجاز، عبدالقیوم ضیاء سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ایجوکیشن بورڈ بہاول پور اور نادرا آفس کے درمیان ہونے والے معاہدے کا مقصد تعلیمی ریکارڈ کو متعلقہ ڈیجیٹل نظام کے ساتھ منسلک کرنے اور طلبہ کے کوائف کی تصدیق کے عمل کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ اس معاہدہ کے تحت طلبہ کے تعلیمی ریکارڈ اور کوائف کی درستگی، ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور متعلقہ معلومات تک رسائی کے عمل کو بہتر بنانے میں مدد مل سکے گی۔ اس معاہدہ سے طلبہ کے تعلیمی ریکارڈ کے تحفظ، معلومات کی تصدیق اور مستقبل میں ڈیجیٹل سہولیات کی توسیع کے لیے معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔

نجی تعلیمی ادارے کا طلباء و طالبات کا لائل پور میوزیم کا تعلیمی دورہ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) لائلپور میوزیم فیصل آباد میں ٹور سیزن شروع ہو گیا۔ طلباء کی آمد سے میوزیم کی رونقیں بڑھ گئیں، مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ کو خوش آمدید کہنے، ان کی رہنمائی اور معلوماتی دورے کے لئے میوزیم کی جانب سے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ٹور سیزن کے آغاز پر اسماعیل روڈ فیصل آباد کے ایک نجی تعلیمی ادارے کے ڈیڑھ سو سے زائد طلباء اور اساتذہ نے میوزیم کا دورہ کیا۔ اس موقع پر طلباء کو مختلف گیلریوں کی سیر کرائی گئی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

میڈیا ہاؤس کے ایڈوائزر کاشف نصیر کے گھر قرآن کی بہاریں، چاروں بچے حفظِ قرآن کی سعادت حاصل کرنے میں مصروف

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) میڈیا ہاؤس کے ایڈوائزر کاشف نصیر کے گھر قرآن کی بہاریں، چاروں بچے حفظ قرآن کی سعادت حاصل کرنے میں مصروف، اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنے خاص فضل و کرم سے نوازتا ہے۔ ضلع کچہری سیالکوٹ کے معروف وثیقہ نویس اور سیالکوٹ میڈیا ہاؤس کے ایڈوائزر کاشف نصیر بھی ان خوش نصیب والدین میں سے ہیں جن کے گھر کو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کی روشنی سے منور فرما دیا ہے۔ الحمدللہ کاشف نصیر کے چاروں پھول جیسے بچے، دو بیٹیاں اور دو بیٹے حصولِ علمِ قرآن میں مصروفِ عمل ہیں۔ اللہ کے فضل سے صاحبزادی عائزہ کاشف اور اقراء کاشف نے قرآن پاک مکمل حفظ کرنے کی عظیم سعادت حاصل کر لی ہے۔ • صاحبزادے عبداللہ کاشف نے 20 پارے حفظ کر لیے ہیں اور تکمیل کے قریب ہیں۔ • سب سے چھوٹے صاحبزادے چوہدری عبدالرحمٰن کاشف قاعدہ کلاس میں قرآن کی منزل کی طرف پہلا قدم بڑھا رہے ہیں۔ یہ سعادت نہ صرف بچوں کے لیے بلکہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

میڈیا ہاؤس کے ایڈوائزر کاشف نصیر کے گھر قرآن کی بہاریں، چاروں بچے حفظِ قرآن کی سعادت حاصل کرنے میں مصروف

خاتون اور بااثر افراد کی ریونیو ملازمین کی مبینہ ملی بھگت سے زرعی اراضی پر قبضہ کی کوشش متاثرین کا احتجاج تحقیقات کا مطالبہ

پاکپتن (نامہ نگار) خاتون اور بااثر افراد کی ریونیو ملازمین کی مبینہ ملی بھگت سے زرعی اراضی پر قبضہ کی کوشش متاثرین کا احتجاج تحقیقات کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر کے علاقہ چک 6 ایس پی کے رہائشی متاثرہ خاندان منظور احمد جٹ، فیصل منظور جٹ غلام نبی وٹو، اہل علاقہ امام مسجد شوکت علی شیخ، پرنسپل گورنمنٹ سکول طارق بھنڈارا و دیگر درجنوں افراد نے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ منظور احمد جٹ نے ساجدہ پروین کے والد محمد شفیع کمبوہ سے 1997 میں زرعی اراضی خریدی تھی، 2007 میں محمد شفیع کمبوہ نے کیس کیا جو خارج ہو گیا، بعد ازاں 2009 میں ساجدہ پروین نے مختار عام لیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

جھنگ روڈ پر تاروسا ہمل کے قریب دو موٹر سائیکلوں کے درمیان دردناک سڑک حادثہ

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) جھنگ روڈ پر تاروسا ہمل کے قریب دو موٹر سائیکلوں کے درمیان دردناک سڑک حادثہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں میاں بیوی سمیت 3 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیم نے فوری رسپانس کیا اور جائے وقوعہ پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ ابتدائی معلومات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

اٹامک انرجی کینسر ہسپتال (پینم) میں بریسٹ کینسر آگاہی واک اور لیکچر کا انعقاد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پینم کینسر ہسپتال میں بریسٹ کینسر سے آگاہی اور اس مرض کی بروقت تشخیص و علاج کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں ہسپتال کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملے، عوام کی کثیر تعداد اور کینسر سے صحت یاب مریضوں اور ان کے لواحقین نے بھرپور شرکت کی۔ واک کی قیادت ڈائریکٹر پینم کینسر ہسپتال ڈاکٹر حافظ خوش نصیب احمد لغاری اور ریجنل ڈائریکٹر (سی پی ایس پی) کنسلٹنٹ ڈاکٹر اصغر بٹ نے کی، ڈاکٹر اعجاز خان ہیڈ آف آنکالوجی، ڈاکٹر سائرہ ظفر، ڈاکٹر نعیم کنسلٹنٹ سرجن، ڈاکٹر رابعہ تنویر، سمیت دیگر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر سائرہ ظفر اور مدینہ ٹیچنگ ہسپتال سے پروفیسر ڈاکٹر سائرہ سلیم نے بریسٹ کینسر کے حوالے سے خصوصی معلوماتی لیکچرز دیے۔ انہوں نے شرکاء کو بریسٹ کینسر کی علامات، بروقت تشخیص، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کے لیے سمپوزیم اور واک کا انعقاد

فیصل آباد (میاں ندیم احمد بیورو چیف) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے فیکلٹی آف میڈیکل سائنسز کے زیر اہتمام پنک ربن مہم کے تحت بریسٹ کینسر سے آگاہی اور بچاؤ کے حوالے سے عالمی سمپوزیم واک کا انعقاد قائداعظم آڈیٹوریم، نیو کیمپس میں کیا گیا۔ سمپوزیم کا مقصد چھاتی کے سرطان کی بروقت تشخیص، احتیاطی تدابیر اور علاج کی اہمیت اجاگر کرنا تھا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رؤفِ اعظم سرپرستِ اعلیٰ، فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید اصغر نقی نے مہمانِ خصوصی، جبکہ پنجاب کی صوبائی محتسب ڈاکٹر نجمہ افضل خان نے مہمانِ اعزاز کی حیثیت سے شرکت کی۔ ڈین فیکلٹی آف میڈیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عابد رشید چیف آرگنائزر تھے۔ تقریب کا آغاز آگاہی واک سے ہوا۔ ڈاکٹر علی سقتین نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا، جبکہ ڈاکٹر رافعہ امتیاز نے پنک ربن مہم کے اغراض و مقاصد بیان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

سیالکوٹ: ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد دوران ڈیوٹی ملزم کی فائرنگ سے زخمی کانسٹیبل غلام مصطفیٰ کی عیادت کر رہے ہیں

تھانہ کوٹلی لوہاراں میں نشے کے عادی عاقب کی پولیس پر فائرنگ، ایک اہلکار شدید زخمی، ملزم گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) تھانہ کوٹلی لوہاراں میں نشے کے عادی عاقب کی پولیس پر فائرنگ، ایک اہلکار شدید زخمی، ملزم گرفتار۔ تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ کھرٹہ سیداں میں نشے کے عادی نوجوان نے پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار مصطفیٰ شدید زخمی ہو گیا، جبکہ پولیس ملازمین نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد دوران ڈیوٹی ملزم کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے کانسٹیبل غلام مصطفیٰ کی عیادت کیلیے ہسپتال پہنچ گئے تفصیلات کے مطابق کھرٹہ سیداں میں والدین نے اپنے نشے کے عادی بیٹے عاقب سے تنگ آ کر پولیس کو اطلاع دی کہ ان کا بیٹا نشے کا عادی ہے اور آئے روز اپنے والد اور والدہ کو تشدد کا نشانہ بناتا ہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس ملازمین کارروائی کے لیے گھر پہنچے تو ملزم عاقب نے پولیس اہلکاروں پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی، جس کے نتیجے میں ایک گولی پولیس اہلکار مصطفیٰ کو جا لگی اور وہ شدید زخمی ہو گیا واقعے کے بعد پولیس ملازمین نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزم عاقب کو قابو کر کے گرفتار کر لیا۔ اہلِ محلّہ اور پولیس ملازمین نے زخمی اہلکار کو فوری طور پر سول ہسپتال منتقل کر دیا۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے سہولت بازار رینالہ کا تمام پروسیس روک دیا" سہولت بازار اتھارٹی کو تمام پروسیس میں شفافیت اور میرٹ یقینی بنانے کی ہدایت

رینالہ خورد +اوکاڑہ (سرفراز انجم +سعید احمد جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے سہولت بازار رینالہ کا تمام پروسیس روک دیا " سہولت بازار اتھارٹی کو تمام پروسیس میں شفافیت اور میرٹ یقینی بنانے کی ہدایت تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے رینالہ خورد کی دکانوں کی لسٹیں سہولت بازار اتھارٹی کو بھجوانے کا معاملے پر عوامی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے پراسیس کو روکنے کی ہدایات دیدی ہیں انہوں نے سہولت بازار اتھارٹی کو پراسیس میں مکمل شفافیت اور میرٹ پر یقینی بنانے کی ہدایات بھی دیں۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ دکانوں کی الاٹمنٹ کے سلسلہ میں فلحال کوئی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

دی یونیورسٹی آف لاہور میں بریسٹ کینسر آگاہی مہم، پورا مہینہ سرگرمیاں جاری رہیں گی

لاہور (ڈاکٹر ندیم آصف چوہدری) دی یونیورسٹی آف لاہور میں بریسٹ کینسر آگاہی مہم کے تحت سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ یونیورسٹی کالج آف میڈیسن اینڈ ڈینٹسٹری کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی، روک تھام اور بروقت تشخیص کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔ تقریب میں چیئرمین پنجاب وومین پروٹیکشن اتھارٹی حناء پرویز بٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج لاہور پروفیسر ڈاکٹر طیبہ وسیم مہمان اعزاز تھیں۔ تقریب میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 55)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی متوقع آمد کے پیش نظر مین بازار وزیرآباد، لاہوری دروازہ اور دیگر مقامات پر بیوٹیفکیشن کے کاموں میں تیزی

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی متوقع آمد کے پیش نظر مین بازار وزیرآباد، لاہوری دروازہ اور دیگر مقامات پر بیوٹیفکیشن کے کاموں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 56)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی متوقع آمد کے پیش نظر مین بازار وزیرآباد، لاہوری دروازہ اور دیگر مقامات پر بیوٹیفکیشن کے کاموں میں تیزی

سات بچوں کی ماں سابقہ بہنوئی کے ہاتھوں قتل، مقدمہ درج

منڈی احمد آباد (نامہ نگار) سات بچوں کی ماں سابقہ بہنوئی کے ہاتھوں قتل، مقدمہ درج تفصیل کے مطابق محلّہ کریم آباد کے رہائشی امام وخطیب جامع مسجد حق چار یار حافظ محمد اکبر قادری کریمی کی اہلیہ مسمات فضیلت بی بی کو بہنوئی غلام نبی نے گھر میں گھس کر مبینہ طور پر فائر مار کر قتل کر دیا دیا مقامی پولیس موقع پر پہنچ کر نعش کو تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا مقتولہ کے شوہر حافظ اکبر قادری کریمی کا کہنا ہے کہ غلام نبی نے بیوی کو فائر مار کر قتل کیا ہے وجہ عناد یہ بتائی گئی ہے کہ ملزم غلام نبی قوم میں ساکن محلّہ کریم آباد ہے اور مقتولہ فضیلت بی بی کی بہن کی شادی ہوئی تھی مقتولہ کی بہن نے کچھ عرصہ قبل اپنے شوہر غلام نبی سے طلاق لے لی تھی جس کا ملزم کو رنج تھا کہ مقتولہ نے طلاق لینے کے لیے اپنی بہن کو اکسایا ہے جس کی بنا پر فائر مار کر قتل کر دیا مقتولہ سات بچوں کی ماں تھی مقامی پولیس نے مقتولہ کے بھائی بشیر احمد کی مدعیت میں ملزمان غلام نبی/ شیر علی۔ رمضان اور لیاقت علی کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے نعش پوسٹ مارٹم کے لیے بھجوادی ہے اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ثوبیہ جاوید ملک کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ثوبیہ جاوید ملک کے ہمراہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا دورے کا بنیادی مقصد ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لینا تھا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات، بشمول شعبہ حادثات (ایمرجنسی) اندرونی مریضوں کے وارڈز اور لیبارٹریز کا معائنہ کیا انہوں نے لیبارٹری میں کیے جانے والے ٹیسٹوں کے معیار، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور جدید آلات کی کارکردگی کی جانچ پڑتال کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عمار انور گل نے زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی ان کی خیریت دریافت کی اور ہسپتال کے عملے کی جانب سے فراہم کیے جانے والے علاج و معالجے کے رویے اور سہولیات کے بارے میں گفتگو کی مریضوں نے ہسپتال کی طرف سے ملنے والی سہولیات پر اپنے اطمینان اور درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا میڈیکل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر ساجد اقبال کا مختلف ویٹرنری ہسپتالوں کا تفصیلی دورہ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر لائیوسٹاک سرگودھا و فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر ساجد اقبال نے ضلع فیصل آباد کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے سول ویٹرنری ہسپتال 248، سول ویٹرنری ہسپتال سمندری، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک آفس سمندری اور سول ویٹرنری ہسپتال تاندلیانوالہ کا معائنہ کیا۔ انہوں نے فراہم کی جانے والی ویٹرنری سہولیات اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ہسپتالوں کے ریکارڈ، ادویات و ویکسین کے سٹاک، صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور علاج معالجے کی سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ ڈاکٹر ساجد اقبال نے فیلڈ سٹاف سے ملاقات کی اور مویشی پال حضرات سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے علاج معالجے اور مصنوعی نسل کشی کی سہولیات کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کیا۔ ڈائریکٹر لائیوسٹاک نے متعلقہ افسران و اہلکاران کو ہدایت کی کہ ادویات و ویکسین کی شفاف فراہمی، سرکاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

جمبر ڈسپوزل کے دیرینہ مسائل حل چیف آفیسر ضلع کونسل قصور سہیل اشرف گوندل کو مرکزی پریس کلب جمبر اور عوام کا خراج تحسین

جمبر (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) جمبر ڈسپوزل کے دیرینہ مسائل حل کروانے پر مرکزی پریس کلب جمبر کے چیئرمین رانا انتظار الحق معاویہ صدر رانا عمران صابری اور اہل علاقہ نے چیف آفیسر ضلع کونسل قصور جناب سہیل اشرف گوندل کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی کاوشوں کو سراہا ہے تفصیلات کے مطابق جمبر ڈسپوزل کے مسائل طویل عرصے سے شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بنے ہوئے تھے ان مسائل کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات پر مرکزی پریس کلب جمبر کے چیئرمین رانا انتظار الحق معاویہ اور شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے عوام کو درپیش مشکلات میں کمی آئے گی چیئرمین مرکزی پریس کلب جمبر رانا انتظار الحق معاویہ نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے چیف آفیسر ضلع کونسل قصور سہیل اشرف گوندل کی جانب سے جمبر ڈسپوزل کے مسائل حل کروانے کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل پر توجہ دینا قابل تحسین اقدام ہے اہل علاقہ نے بھی اس اقدام پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جمبر ڈسپوزل کے مسائل حل ہونے سے شہریوں کی دیرینہ پریشانیوں میں کمی آنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

اسلام امن، سلامتی، عدل وانصاف اور انسانیت کے احترام کا دین ہے، مولانا طیب خان ثاقب

ڈسکہ (نمائندہ سحر) مہتمم دارالعلوم مدنیہ ڈسکہ کلاں مولانا طیب خان ثاقب نے کہا ہے کہ اسلام امن، سلامتی، عدل وانصاف اور انسانیت کے احترام کا دین ہے جو مسلمانوں کو نہ صرف اللہ تعالیٰ کے حقوق ادا کرنے بلکہ حقوق العباد کی ادائیگی، وعدوں کی پاسداری، دیانت داری، سچائی، انصاف اور حسن سلوک کا بھی درس دیتا ہے۔ اسلامی تعلیمات کا بنیادی تقاضا ہے کہ معاشرے میں ہر فرد کیساتھ عزت واحترام کا برتاو کیا جائے، کسی کے حقوق پامال نہ کیے جائیں اور باہمی اختلافات کو نفرت، اشتعال اور تصادم کے بجائے حکمت، برداشت اور مکالمے کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ ایک پرامن، متوازن اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 53)

صفائی کے ناقص انتظامات اور موسم کی تبدیلی کے ساتھ ڈسکہ شہر و گردونواح میں صفائی مکھیوں، مچھروں کی بہتات

ڈسکہ (نمائندہ سحر) صفائی کے ناقص انتظامات اور موسم کی تبدیلی کے ساتھ ڈسکہ شہر و گردونواح میں صفائی مکھیوں، مچھروں کی بہتات، موذی امراض پھیلنے کا خدشہ، انتظامیہ سے مچھر مار سپرے کرنے کا مطالبہ، ڈسکہ شہر میں صفائی کے ناقص انتظامات، گلیوں محلوں میں کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں اور موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی شہر اور گردونواح میں مچھر نما باریک کیڑوں کی بھرمار نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ شام کے وقت یہ کیڑے فضا میں جھنڈ کی صورت میں اڑتے دکھائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 54)

پٹرولیم مصنوعات پر لیوی بھتہ ٹیکس کے خلاف دھرنا دیا جائے گا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی ہدایت پر ملک بھر کی طرح 23 اکتوبر بروز جمعہ ڈھائی بجے نزد گیکپو شہاب پورہ روڈ سیالکوٹ آفس پٹرولیم مصنوعات پر لیوی بھتہ ٹیکس کے خلاف دھرنا دیا جائے گا۔ جس میں عوام کے ہر مکتبہ فکر سے بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ یہ بات ضلعی امیر جماعت اسلامی چوہدری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 57)

بحریہ ٹاؤن لاہور میں سکیورٹی اہلکاروں کی مبینہ غنڈہ گردی، اوورسیز پاکستانی چوہدری کا شف عنایت آرائیں کے بچوں پر تشدد، ایک بچے کا سر پھٹ گیا، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

شیر گڑھ (عمران ز

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ .....(جامع ترمذی)

خیبر پختونخوا کو جلتا چھوڑ کر خاموش تماشائی نہیں بن سکتے

خیبر پختونخوا میں مجموعی سیکیورٹی صورتحال سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خیبر پختونخوا ایپکس کمیٹی کا اہم ترین اجلاس گورنر ہاؤس خیبر پختونخوا میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور اور بہادر لوگوں کا خوبصورت صوبہ ہے، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اللہ سے دعا ہے کہ صوبے میں۔ امن اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے میں مدد فراہم کرے، پشاور سکول کی چھت گرنے سے ایک استانی اور بچوں کی المناک وفات پر بہت غمزدہ ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ گورنر صاحب کو کہا تھا کہ وہ متاثرہ جگہ کا فوری دورہ کر کے اس سانحے کی مکمل تحقیقات کرائیں، چند برسوں میں جو حالات پیدا کر دیئے گئے اس کی وجہ سے یہ صوبہ بہت متاثر ہے، چھ برسوں میں جو حالات پیدا کئے گئے اُس کے بعد امن وامان کو بہت نقصان پہنچا، ہماری بہادر افواج اور سیکورٹی اداروں نے بہت قربانیاں دے کر خیبر پختونخوا سمیت پاکستان میں دہشت گردی کا قلع قمع کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دو ہزار اٹھارہ تک اس صوبے میں مکمل امن قائم ہو گیا تھا، یہ امن سیکورٹی اداروں سمیت ہماری ماوں، بہنوں اور بچوں کی قربانیوں کے نتیجے میں قائم ہوا تھا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 80 ہزار لوگ شہید اور اربوں ڈالر کا نقصان ہوا، خیبر پختونخوا کے کئی سیاسی خاندانوں نے دہشت گردی کے خلاف بہت قربانیاں دیں، کئی گھر اجڑ گئے، عظیم قربانیوں کے نتیجے میں مکمل امن قائم ہوا تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیام امن کے بعد پی ٹی آئی دور میں دہشت گردوں کو دوبارہ بلایا گیا، تمام قربانیوں پر پانی پھیر دیا گیا، جس کا خمیازہ صوبے کے عوام کو بھگتنا پڑا، قوم کے بچوں کے مستقبل کی خاطر ہماری سیکورٹی فورسز کے ہزاروں جوانوں نے اپنی جانیں قربان کیں، ان قربانیوں کا احساس اور احترام نہ کرنے سے بڑی ملک دشمنی کوئی اور نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں خیبر پختونخوا میں تعلیم، صحت، امن سمیت عوامی فلاح کے تمام امور نظر انداز کیئگئے، اس سے بڑی مجرمانہ غفلت اور بے حسی کی مثال اور نہیں ہو سکتی، اسی وجہ سے حالیہ چند برسوں میں دہشت گردی میں پھر اضافہ ہوا، گزشتہ صوبائی حکومت کے دور میں پولیس کی پانچ ہزار آسامیوں پر بھرتی نہیں کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں سیف سٹی منصوبہ ابھی بھی نامکمل ہے، انسداد دہشت گردی محکمے اور پولیس کی تربیت پر کوئی توجہ نہیں دی گئی، 2010 کے این ایف سی ایوارڈ میں تمام صوبوں نے ملکر خیبر پختونخوا کی مدد کا فیصلہ کیا، تمام صوبوں نے انسداد دہشت گردی کے لئے خیبر پختونخوا کو وسائل فراہم کرنے پر اتفاق کیا، صوبوں نے مل کر فیصلہ کیا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تمام وزراء اعلی نے فیصلہ کیا کہ وفاق اور صوبوں کے حصے کے فنڈز میں سے ایک فیصد اضافی خیبر پختونخوا کو دیئے جائیں، 2010 کے بعد سے خیبر پختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت انسداد دہشت گردی کی مد میں آٹھ سو ارب روپے دیئے گئے، افسوس کا مقام ہیکہ دہشت گردی ختم ہونے کی بجائے مزید ابھر کر سامنے آ گئی۔

انٹرنیٹ پر بچوں کی جنسی ہراسانی، قومی سطح پر مؤثر اقدامات ناگزیر

جویریہ کاظمی

بچوں کا تحفظ کسی بھی مہذب معاشرے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ جدید ٹیکنالوجی نے جہاں تعلیم، معلومات اور رابطوں کے بے شمار مواقع فراہم کیے ہیں، وہیں انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کے غیر محتاط استعمال نے بچوں کی سلامتی کے حوالے سے سنگین خدشات بھی پیدا کر دیے ہیں۔ بالخصوص انٹرنیٹ پر بچوں کو جنسی ہراسانی، آن لائن استحصال اور مجرمانہ سرگرمیوں کا نشانہ بنائے جانے کے واقعات ایک ایسا مسئلہ بن چکے ہیں جس سے صرف والدین ہی نہیں بلکہ حکومت، تعلیمی اداروں اور متعلقہ ریاستی اداروں کو بھی پوری سنجیدگی سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والے اقوام متحدہ کے ادارے یونیسف کے مطابق، ایک سال کے دوران تقریباً 15 لاکھ پاکستانی بچے انٹرنیٹ پر جنسی ہراسانی کا شکار ہوئے۔ یہ تشویش ناک اعداد و شمار اس امر کی نشان دہی کرتے ہیں کہ پاکستان میں بچوں کے لیے محفوظ ڈیجیٹل ماحول کی تشکیل اب محض ایک انتخاب نہیں بلکہ قومی ضرورت بن چکی ہے۔

انٹرنیٹ کی دنیا بظاہر علم، تفریح اور رابطوں کا وسیع میدان ہے، لیکن اس کے غیر محفوظ پہلوؤں سے ناواقف بچے آسانی سے جرائم پیشہ عناصر کے جال میں پھنس سکتے ہیں۔ بعض افراد سوشل میڈیا اور دیگر آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے بچوں سے دوستی کرتے، ان کا اعتماد حاصل کرتے اور پھر انہیں نامناسب گفتگو، قابل اعتراض مواد یا دیگر استحصالی سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کم عمری میں بچوں کے لیے ایسے خطرات کو پہچاننا مشکل ہوتا ہے، کیونکہ وہ اکثر آن لائن رابطوں کے حقیقی مقاصد اور ان کے ممکنہ نتائج سے آگاہ نہیں ہوتے۔ یہی وجہ ہے کہ بچوں کو محض موبائل فون یا انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کر دینا کافی نہیں، بلکہ انہیں اس کے محفوظ استعمال کی تربیت دینا بھی ضروری ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک میں بچوں کو انٹرنیٹ کے منفی اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے قانون سازی، عمر کی پابندیوں، والدین کی نگرانی اور آن لائن مواد کی جانچ پڑتال جیسے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بعض یورپی ممالک میں کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال کو محدود کرنے کے لیے ضوابط متعارف کرائے گئے ہیں، جبکہ دیگر ممالک میں والدین اور بچوں کو ڈیجیٹل خطرات سے آگاہ کرنے کی مہمات جاری ہیں۔ ان اقدامات کا بنیادی مقصد ٹیکنالوجی کی ترقی کو روکنا نہیں بلکہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ اس سے استفادہ کرتے ہوئے بچوں کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی سلامتی کو خطرے میں نہ ڈالا جائے۔

پاکستان میں بھی اس مسئلے کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے۔ ہمارے ہاں موبائل فون اور انٹرنیٹ کا استعمال تیزی سے بڑھا ہے، لیکن اس کے ساتھ ڈیجیٹل شعور اور سائبر تحفظ کے تقاضوں پر مطلوبہ توجہ نہیں دی جا سکی۔ بہت سے والدین بچوں کو مصروف رکھنے یا انہیں تعلیم اور تفریح کی سہولت فراہم کرنے کے لیے موبائل فون ان کے حوالے کر دیتے ہیں، مگر اس بات کی نگرانی نہیں کرتے کہ بچے کن ویب سائٹس پر جا رہے ہیں، کس نوعیت کا مواد دیکھ رہے ہیں اور کن افراد سے رابطے میں ہیں۔ یہی غفلت بعض اوقات بچوں کو ایسے خطرات سے دوچار کر دیتی ہے جن کے اثرات طویل عرصے تک ان کی شخصیت اور ذہنی صحت پر مرتب ہو سکتے ہیں۔

والدین کی ذمہ داری صرف بچوں کی ضروریات پوری کرنے تک محدود نہیں بلکہ ان کی آن لائن سرگرمیوں کے بارے میں مناسب آگاہی اور رہنمائی فراہم کرنا بھی اس کا اہم حصہ ہے۔ بچوں کو اعتماد میں لے کر یہ سمجھانا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر ہر شخص قابل اعتماد نہیں ہوتا اور کسی اجنبی کے ساتھ ذاتی معلومات، تصاویر، گھر کا پتا یا دیگر حساس تفصیلات شیئر کرنا خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص انہیں دھمکائے، نامناسب گفتگو کرے یا کسی قسم کے دباؤ میں لانے کی کوشش کرے تو بچوں کو بلاخوف اپنے والدین یا کسی قابل اعتماد بڑے کو آگاہ کرنا چاہیے۔ اس سلسلے میں والدین کا رویہ بھی اہم ہے۔ بچوں کی شکایت سننے کے بجائے انہیں ڈانٹنے یا ان پر پابندیاں عائد کرنے سے وہ آئندہ ایسے واقعات چھپانے پر مجبور ہو سکتے ہیں۔ اس کے برعکس اعتماد، رہنمائی اور بروقت تعاون بچوں کو تحفظ فراہم کرنے میں زیادہ مؤثر ثابت ہو سکتے ہیں۔

اسی طرح حکومت کو بچوں کے آن لائن تحفظ کے لیے ایک جامع حکمت عملی مرتب کرنی چاہیے، جس میں مناسب عمر کی پابندیوں، مؤثر نگرانی، قابل اعتراض مواد کی روک تھام اور سائبر جرائم کے خلاف فوری کارروائی کو بنیادی اہمیت حاصل ہو۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کو چاہیے کہ متعلقہ قوانین اور ضوابط کے تحت بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق مواد اور نقصان دہ آن لائن سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے فلٹرنگ اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنائے۔ اس کے ساتھ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے بھی جواب دہی کا تقاضا کیا جائے تاکہ بچوں کے تحفظ سے متعلق شکایات پر فوری کارروائی ہو اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف قانونی اقدامات ممکن بنائے جا سکیں۔

تاہم انٹرنیٹ کے استعمال پر پابندیاں عائد کرتے وقت اس امر کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے کہ ٹیکنالوجی آج تعلیم، تحقیق اور معلومات کے حصول کا ایک اہم ذریعہ بن چکی ہے۔ بچوں کو اس سہولت سے مکمل طور پر محروم کرنے کے بجائے عمر کے مطابق رسائی، والدین کی نگرانی اور ڈیجیٹل تعلیم کے امتزاج سے زیادہ بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ کم عمر بچوں کے لیے مناسب حفاظتی ترتیبات، محفوظ سرچ سہولتوں اور والدین کے زیر نگرانی اکاؤنٹس کا استعمال مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ عمر کی تصدیق کے نظام میں بچوں کی ذاتی معلومات اور نجی زندگی کے تحفظ کو بھی یقینی بنانا چاہیے تاکہ ایک مسئلے کا حل تلاش کرتے ہوئے کوئی نیا خطرہ پیدا نہ ہو۔ تعلیمی اداروں کو بھی بچوں کی حفاظت کے اس قومی فریضے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ نصاب اور تربیتی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ کو سائبر جرائم، آن لائن ہراسانی، ذاتی معلومات کے تحفظ اور مشکوک رابطوں کی پہچان کے بارے میں آگاہ کیا جا سکتا ہے۔ اساتذہ اور تعلیمی مشیر بچوں کو یہ اعتماد دیں کہ کسی بھی ناخوش گوار آن لائن تجربے کی صورت میں وہ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

شجاع آباد: تاریخ، فکر، علم، ثقافت اور صحافت کا حسین سنگم

ڈاکٹر محمود شیخ

کچھ دھرتیاں محض جغرافیے کا حصہ نہیں ہوتیں، بلکہ اپنی تاریخ، تہذیب، علم، فکر، ثقافت اور محبتوں کے سبب ایک زندہ شناخت بن جاتی ہیں۔ شجاع آباد بھی ایسی ہی مردم خیز سرزمین ہے، جہاں تاریخ کی گونج قدیم دروازوں اور بازاروں میں سنائی دیتی ہے، سرائیکی وسیب کی مٹھاس لوگوں کے لہجوں میں جھلکتی ہے اور علم و فن کی روشنی اہلِ فکر کے کردار سے پھوٹتی ہے۔ یہاں مہمان نوازی محض روایت نہیں، بلکہ تہذیبی مزاج ہے؛ وضع داری محض لفظ نہیں، بلکہ عملی کردار ہے؛ اور محبت محض اظہار نہیں، بلکہ دلوں کو جوڑنے والی قوت ہے۔

پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ (انٹرنیشنل) کے وفد کا تنظیمی استحکام، فعالیت اور صحافتی روابط کے فروغ کے لیے شجاع آباد کا خصوصی دورہ اسی تاریخی اور ثقافتی پس منظر میں ایک یادگار تجربہ بن گیا۔ وفد کی قیادت جنوبی پنجاب کے صدر، رکن سپریم کونسل اور گولڈ میڈلسٹ صحافی شیخ رمضان ندیم نے کی، جبکہ ان کے ہمراہ صوبائی میڈیا ایڈوائزر ساؤتھ پنجاب ڈاکٹر محمود شیخ، ڈویژنل کوآرڈینیٹر شاہد حسین راجپوت، شیخ کامران اور عمر فاروق بھٹی بھی شریک تھے۔ شجاع آباد پہنچنے پر پی جے اے سے وابستہ صحافیوں، تاجر نمائندوں اور اہلِ علم و فن نے جس خلوص، محبت اور والہانہ انداز میں وفد کا استقبال کیا، اس نے ثابت کیا کہ جب ادارہ جاتی جدوجہد کو باہمی احترام اور انسانی رشتوں کی حرارت میسر آ جائے تو سفر محض ایک دورہ نہیں رہتا، بلکہ یادوں، تجربات اور نئے عزم کی داستان بن جاتا ہے۔ تاریخی حوالوں کے مطابق شجاع آباد کی بنیاد 1750ء میں نواب شجاع خان سدوزئی نے رکھی، جبکہ 767 ہجری سے 1772ء کے دوران شہر کے گرد حفاظتی فصیل تعمیر کی گئی۔ اس کے چار دروازے اور قدیم اندرونی بازار آج بھی شہر کی تاریخی شناخت اور تعمیراتی ورثے کی علامت ہیں۔ مگر کسی شہر کی اصل عظمت صرف اس کے تاریخی دروازوں، عمارتوں یا قدیم بازاروں میں نہیں ہوتی؛ اس کی حقیقی پہچان وہ لوگ ہوتے ہیں جو اس کی زبان، ثقافت، علم، فن، رواداری اور اجتماعی اقدار کو زندہ رکھتے ہیں۔ شجاع آباد کے اس دورے میں یہی حقیقت مختلف صورتوں میں سامنے آئی۔ سرائیکی وسیب کے نامور شاعر شاکر شجاع آبادی کی فکری و ادبی شناخت اس دھرتی کے شعری ورثے کا نمایاں حوالہ ہے۔ ان کی شاعری میں وسیب کے دکھ، محروم طبقات کے احساسات، انسانی رشتوں کی نزاکت اور زندگی کی تلخ حقیقتیں اپنی پوری شدت کے ساتھ محسوس ہوتی ہیں۔ ان جیسے اہلِ قلم کی موجودگی اس حقیقت کی یاددہانی ہے کہ زبان صرف اظہار کا ذریعہ نہیں، بلکہ ایک قوم کی اجتماعی یادداشت، تہذیبی شناخت اور فکری بقا کا وسیلہ بھی ہوتی ہے۔ شجاع آباد کی علمی و ادبی روایت کو سمجھنے کے لیے شاکر شجاع آبادی جیسے تخلیقی ناموں کی خدمات کا اعتراف ناگزیر ہے۔

دوسری جانب معروف فنکار اشفاق احمد شجاع آبادی نے اپنے منفرد جادوئی اور ثقافتی فن کا مظاہرہ کر کے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ معصوم بچوں کے ہمراہ دلچسپ کرتب پیش کرنا اور اپنے بالوں کے ذریعے بڑی گاڑی کھینچنے جیسا غیر معمولی مظاہرہ ان کی فنی صلاحیت اور مشق کا نمایاں اظہار تھا۔ ایسے فنکار ہماری ثقافتی زندگی میں رنگ بھرتے ہیں اور نئی نسل میں فن، تخلیق اور غیر معمولی صلاحیتوں کے لیے دلچسپی پیدا کرتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی، فنی سرپرستی اور محفوظ مواقع کی فراہمی نہ صرف معاشرتی ذمہ داری ہے بلکہ ثقافتی ورثے کو آگے بڑھانے کا تقاضا بھی ہے۔ متعلقہ حکومتی اداروں اور ثقافتی تنظیموں کو چاہیے کہ ایسے باصلاحیت فنکاروں کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے فن کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ اس پورے سفر میں پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن سے وابستہ سینئر صحافی اور بابائے صحافت شجاع آباد سلیم اختر قریشی کی رہنمائی، حوصلہ افزائی اور صحافتی تجربے نے خصوصی اہمیت اختیار کی۔ ان کے ساتھ راؤ زاہد، خواجہ ہاشم صدیقی، ملک زبیر شریف، خواجہ عاصم مدنی، راؤ تسلیم اختر، زبیر گورایہ، سید علی حسین قاضی اور دیگر معزز شخصیات کی موجودگی نے صحافتی و کاروباری برادری کے درمیان رابطے، احترام اور باہمی تعاون کی خوبصورت تصویر پیش کی۔ ان شخصیات نے اپنی روایتی وضع داری اور خلوص سے اس احساس کو تقویت دی کہ معاشرے کی مضبوطی کے لیے علم، صحافت، تجارت، ثقافت اور سماجی خدمت کے حلقوں کا ایک دوسرے سے جڑا رہنا ضروری ہے۔

پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کا تنظیمی سفر بھی اسی تصور کی نمائندگی کرتا ہے کہ صحافت محض خبر کی ترسیل نہیں، بلکہ عوامی شعور کی بیداری، حقائق کی ذمہ دارانہ ترجمانی، شہری مسائل کی نشاندہی اور معاشرے میں مکالمے کے فروغ کا ذریعہ ہے۔ تنظیموں کی اصل قوت ان کے عہدوں یا ناموں میں نہیں، بلکہ ان کے کارکنوں کی عملی جدوجہد، پیشہ ورانہ دیانت، باہمی احترام اور عوامی خدمت کے جذبے میں ہوتی ہے۔ شجاع آباد میں ہونے والی ملاقاتوں اور استقبال نے اس عزم کو مزید تقویت دی کہ صحافیوں کے درمیان رابطوں کو مضبوط، پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر اور عوامی مفاد کے لیے اجتماعی کردار کو مؤثر بنایا جائے۔ شجاع آباد کا یہ دورہ محض چند ملاقاتوں، تقاریب اور استقبال کی یاد نہیں، بلکہ اس وسیب کی تاریخ، ثقافت، فکر، فن اور انسانی محبتوں سے ایک زندہ مکالمہ تھا۔ یہاں قدیم فصیل کی تاریخ بھی تھی، شاکر شجاع آبادی کی شاعری کی فکری گہرائی بھی، اشفاق شجاع آبادی کے فن کی انفرادیت بھی، سلیم اختر قریشی جیسے سینئر صحافیوں کا تجربہ بھی اور پی جے اے سے وابستہ صحافیوں و تاجر نمائندوں کی مہمان نوازی بھی۔

یہی شجاع آباد کا اصل حسن ہے کہ یہاں ماضی کی روایت حال کے کردار سے جڑتی ہے اور ثقافت، علم، صحافت اور فن ایک دوسرے کی تکمیل کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایسی دھرتیاں ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ تاریخ محفوظ عمارتوں سے ضرور پہچانی جاتی ہے، مگر زندہ اقدار، علم دوست رویوں، اہلِ فن کی قدر اور انسانوں کے درمیان احترام سے آگے بڑھتی ہے۔

شجاع آباد کی دھرتی کو سلام، اس کے اہلِ علم و فن کو خراجِ تحسین، اور ان تمام لوگوں کو خراجِ احترام جو اپنی روایات، اپنی زبان، اپنی صحافت اور اپنی تہذیبی شناخت کو زندہ رکھنے کے لیے سرگرمِ عمل ہیں۔

جاگو، بولو، بدلو — علم، کردار، ثقافت اور ذمہ دار صحافت کے ساتھ۔؛

نام نہاد مہذب معاشرے میں احتجاج کے دوران لوٹ مار کیوں؟

امریکہ کے ایران پر حملوں کے بعد سے دنیا کے حالات تیزی سے بدلے ہیں، دنیا کے تمام ممالک مہنگائی کی لپیٹ میں آ گئے ہیں، فرانس، اٹلی، البانیہ، پرتگال اور اسپین سمیت مختلف یورپی ممالک میں مہنگائی، توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں، رہائش کے بحران، کم اجرتوں، تعلیمی مسائل اور عوامی سہولتوں کی ناقص صورت حال کے خلاف ہونے والے مظاہرے اس حقیقت کی نشان دہی کرتے ہیں کہ معاشی ترقی کے اعداد و شمار اس وقت تک حقیقی خوش حالی کی ضمانت نہیں بن سکتے جب تک عام شہری کو بنیادی ضروریات زندگی مناسب قیمت پر میسر نہ ہوں۔ جب بجلی، پیٹرول، ڈیزل، خوراک اور رہائش کے اخراجات مسلسل بڑھتے رہیں، مگر آمدن میں اسی تناسب سے اضافہ نہ ہو تو عوامی بے چینی فطری طور پر جنم لیتی ہے۔ یہی بے چینی جب طویل عرصے تک نظر انداز کی جائے تو احتجاجی تحریکوں کی صورت اختیار کر سکتی ہے اور بعض اوقات امن وامان کے سنگین مسائل بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ فرانس میں حالیہ مظاہرے اسی وسیع تر معاشی اور سماجی دباؤ کا اظہار ہیں۔ مگر احتجاج کے دوران لوٹ مار سے یہ نام نہاد مہذب معاشرے بھی محفوظ نہ رہے، فراہم کردہ اطلاعات کے مطابق، فرانسیسی وزارت داخلہ نے 17 اکتوبر کو ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ افراد کی شرکت کی اطلاع دی۔ ان احتجاجی سرگرمیوں کا آغاز ستمبر میں پیرس کے شمالی نواحی علاقوں کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی اور اسکولوں کی ناقص سہولتوں کے خلاف ہونے والے مظاہروں سے ہوا، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ان میں طلبہ، مزدور تنظیموں اور دیگر شہریوں کی شرکت بڑھتی گئی۔ نتیجتاً تعلیم کے مسائل کے ساتھ مہنگائی، توانائی کی بلند قیمتوں، عوامی خدمات کے معیار اور روزمرہ معاشی مشکلات کے خلاف آوازیں بھی احتجاج کا حصہ بن گئیں۔ یہ صورت حال واضح کرتی ہے کہ جب شہریوں کے بنیادی مسائل حل نہ ہوں تو ایک محدود شعبے سے شروع ہونے والا احتجاج پورے معاشرے کی بے اطمینانی کی نمائندگی کرنے لگتا ہے۔ تاہم کسی بھی معاشرے میں عوامی احتجاج کے حق اور تشدد کے درمیان فرق برقرار رکھنا ضروری ہے۔ فرانس کے مختلف شہروں، خصوصاً پیرس، مارسیلز، بورڈو اور لیون میں دکانوں کے شیشے توڑنے، سامان لوٹنے، گاڑیوں کو آگ لگانے اور پولیس کے ساتھ جھڑپوں کی اطلاعات سامنے آئیں۔ بعض سرکاری عمارتوں اور تعلیمی اداروں کو بھی نقصان پہنچا، جبکہ شہر لیموژ میں تاریخی بلدیاتی عمارت آگ لگنے کے باعث متاثر ہوئی۔ لگژری برانڈز کی دکانوں، سپر مارکیٹوں، ملبوسات کی دکانوں اور فارمیسیوں کو نشانہ بنائے جانے کے واقعات نے اس بحث کو بھی جنم دیا کہ معاشی محرومیوں کے خلاف احتجاج کو کس طرح پُرامن اور منظم رکھا جا سکتا ہے۔ فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے تشدد اور لوٹ مار کی مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ املاک کو نقصان پہنچانے اور ریاستی اداروں پر حملوں میں ملوث افراد کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔ فراہم کردہ رپورٹ کے مطابق، 19 اکتوبر تک 2,500 افراد کو تفتیش کے لیے حراست میں رکھا گیا تھا، جبکہ 149 افراد مقدمات کی کارروائی کے انتظار میں زیر حراست تھے۔ متاثرہ علاقوں میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے پولیس کی نفری بڑھانے اور کاروباری اداروں کو مالی معاونت فراہم کرنے کے اقدامات بھی کیے گئے۔

اس صورت حال کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ ریاستی طاقت کے استعمال سے وقتی طور پر حالات قابو میں تو لائے جا سکتے ہیں، لیکن عوامی اضطراب کے بنیادی اسباب دور کیے بغیر پائیدار استحکام حاصل کرنا مشکل رہتا ہے۔ اگر شہریوں کو محسوس ہو کہ ان کے مسائل سننے والا کوئی نہیں، ان کی آمدن ضروریات زندگی کے لیے ناکافی ہے اور حکومتی ترجیحات میں ان کی مشکلات کو مناسب اہمیت حاصل نہیں تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کمزور ہونے لگتا ہے۔ اس لیے فرانس سمیت دیگر ممالک کی حکومتوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ مہنگائی میں کمی، روزگار کے مواقع، بہتر تعلیم، معیاری صحت اور قابل برداشت رہائش کے لیے بھی مؤثر اقدامات کریں۔ البانیہ میں جاری حکومت مخالف مظاہرے بھی اسی وسیع تر مسئلے کی ایک مثال ہیں۔ دارالحکومت ترانا میں طلبہ اور شہریوں نے مبینہ بدعنوانی، روزگار کی کمی، تعلیمی معیار اور عوامی خدمات کے مسائل پر احتجاج کرتے ہوئے وزیراعظم سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا۔ پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپوں کی اطلاعات کے ساتھ بدعنوانی کے خاتمے اور بنیادی سہولتوں کی بہتری کے مطالبات بھی سامنے آئے۔ ان مظاہروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ عوامی بے چینی صرف مہنگائی تک محدود نہیں رہتی بلکہ حکومتی شفافیت، اداروں کی کارکردگی اور مواقع کی منصفانہ تقسیم بھی عوامی اعتماد کے بنیادی عناصر ہیں۔ جب شہریوں کو یہ احساس ہو کہ بدعنوانی کے باعث قومی وسائل درست طور پر استعمال نہیں ہو رہے، نوجوانوں کو روزگار کے مناسب مواقع میسر نہیں اور تعلیم و صحت جیسے شعبے مطلوبہ معیار فراہم نہیں کر پا رہے تو سیاسی بے اطمینانی بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس کا مؤثر جواب محض مخالف آوازوں کو دبانا نہیں بلکہ حکومتی اداروں کو جواب دہ بنانا، بدعنوانی کے خلاف غیر جانب دار کارروائی کرنا اور عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانا ہے۔ جمہوری نظام کی مضبوطی اسی میں ہے کہ حکومتیں تنقید کو مسائل کی نشاندہی کا ذریعہ سمجھیں اور عوام کے جائز مطالبات کا جواب عملی اصلاحات کے ذریعے دیں۔ اٹلی میں بھی مہنگائی، کم اجرتوں، تعلیم، صحت اور رہائش کے مسائل کے خلاف احتجاجی سرگرمیاں بعض مقامات پر پُرتشدد شکل اختیار کر گئیں۔ میلان سمیت مختلف شہروں میں پولیس اور نقاب پوش مظاہرین کے درمیان جھڑپوں، دکانوں میں لوٹ مار اور املاک کو آگ لگانے کے واقعات کی اطلاعات سامنے آئیں۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق، دو روز کے دوران 271 افراد کو گرفتار کیا گیا، جبکہ سکیورٹی اداروں کے 14 اہلکار زخمی ہوئے۔ میلان کے میئر نے پُرامن احتجاج کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے تشدد اور املاک کو نقصان پہنچانے کی مذمت کی۔ یہ مؤقف اس اصول کی یاد دہانی ہے کہ جمہوری معاشرے میں اختلاف رائے اور احتجاج شہریوں کا حق ہیں مگر لوٹ مار نہیں۔

اگر عوامی مسائل بروقت حل کیے جائیں، مزدوروں کو مناسب اجرت ملے، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھائے جائیں اور تعلیم و صحت کی سہولتوں میں بہتری لائی جائے تو معاشرتی تناؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ دوسری جانب، اگر عوامی مشکلات مسلسل بڑھتی رہیں اور ان کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات محض اعلانات تک محدود رہیں تو بے چینی کے مزید پھیلنے کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ معاشی استحکام صرف کاروباری سرگرمیوں یا مجموعی قومی پیداوار میں اضافے کا نام نہیں، بلکہ اس کا اصل پیمانہ یہ بھی ہے کہ عام شہری اپنی آمدن سے بنیادی ضروریات کتنی آسانی سے پوری کر سکتا ہے۔ پرتگال اور اسپین میں رہائش کا بحران عوامی اضطراب کی ایک الگ مگر نہایت اہم جہت سامنے لاتا ہے۔ پرتگال کے دارالحکومت لزبن اور دوسرے بڑے شہر پورٹو میں ہزاروں افراد نے بڑھتے کرایوں، مناسب رہائش کی عدم دستیابی، کم اجرتوں اور روزمرہ اخراجات کے خلاف مارچ کیا۔ بعض مظاہرین نے رہائشی بحران کی جانب توجہ مبذول کرانے کے لیے احتجاجی کیمپ بھی قائم کیے۔ اسپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں بھی رہائش کے بڑھتے اخراجات کے خلاف احتجاج کیا گیا، جبکہ اساتذہ نے بہتر تنخواہوں اور کام کے حالات کے لیے ہڑتال کی۔ رہائش کا مسئلہ بظاہر تعمیرات، کرایوں اور جائیداد کی قیمتوں سے متعلق دکھائی دیتا ہے، لیکن حقیقت میں یہ شہری زندگی، خاندانی استحکام، روزگار اور نوجوانوں کے مستقبل سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔ جب گھر خریدنا عام شہری کی پہنچ سے باہر ہو جائے اور کرایے آمدن کا بڑا حصہ نگلنے لگیں تو خاندانوں کی بچت متاثر ہوتی ہے، بچوں کی تعلیم اور صحت پر اخراجات محدود کرنا پڑتے ہیں اور نوجوانوں کے لیے آزادانہ زندگی کا آغاز مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں معاشی ترقی کے ثمرات کی منصفانہ تقسیم ایک بنیادی سوال بن کر سامنے آتی ہے۔ حکومتوں کو رہائشی بحران سے نمٹنے کے لیے محض تعمیراتی منصوبوں کے اعلانات پر انحصار کرنے کے بجائے کم اور متوسط آمدن والے طبقوں کے لیے قابل برداشت گھروں کی فراہمی، کرایہ داری کے مؤثر ضابطوں، شہری منصوبہ بندی اور بنیادی سہولتوں کی مناسب تقسیم پر توجہ دینا ہوگی۔ اسی طرح تعلیم کے شعبے میں اساتذہ کی کمی، ناقص سہولتوں اور کم اجرتوں جیسے مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تعلیمی اداروں میں سرمایہ کاری دراصل کسی بھی ملک کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، کیونکہ معیاری تعلیم ہی نوجوانوں کو روزگار، اختراع اور معاشی ترقی کے بہتر مواقع فراہم کرتی ہے۔ یورپی ممالک میں پیدا ہونے والی اس بے چینی کو صرف انفرادی حکومتوں کی ناکامی یا کسی ایک پالیسی کے نتائج تک محدود کر کے دیکھنا بھی درست نہیں ہوگا۔ عالمی معیشت ایک دوسرے سے منسلک ہے اور کسی بڑے خطے میں جنگ، توانائی کی رسد میں رکاوٹ، تجارتی کشیدگی یا مالیاتی عدم استحکام کے اثرات دوسرے ممالک تک بھی پہنچتے ہیں۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ صنعتی پیداوار، ٹرانسپورٹ، زراعت اور اشیائے ضروریہ کی لاگت بڑھاتا ہے۔ کاروباری اداروں کے اخراجات میں اضافے کا بوجھ بالآخر صارفین تک منتقل ہوتا ہے، جبکہ حکومتوں کو عوامی ریلیف، ترقیاتی اخراجات اور مالیاتی نظم و ضبط کے درمیان مشکل فیصلے کرنا پڑتے ہیں۔ دنیا کے مختلف حصوں میں جاری جنگیں اور مسلح تنازعات اس صورت حال کو مزید پیچیدہ بناتے ہیں۔ جنگوں کے نتیجے میں انسانی جانوں کا ضیاع، بنیادی ڈھانچے کی تباہی اور آبادیوں کی نقل مکانی جیسے سنگین مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ توانائی کی عالمی منڈیوں، تجارتی راستوں، رسد کے نظام اور سرمایہ کاری پر بھی دباؤ پڑتا ہے۔ تنازعات طویل ہوں تو دفاعی اخراجات بڑھتے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کے لیے دستیاب وسائل محدود ہوتے ہیں اور کمزور معیشتوں کو زیادہ مشکلات کا سامنا

بعدالت جناب عمران خورشید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل دیوانی
نادیہ اعجاز بنام محمد یونس
اشتہار بنام عنصر محمود فیاض احمد ظہیر عباس پسران عظمی، نعمانہ دختران ثریا بیگم اقوام بٹ ساکن لالہ موسیٰ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات
دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 12-11-2026 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا..
Cr..Afzal

بعدالت جناب اشفاق جسر اصاحب گارڈین جج فیروز والا

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین ،بعنوان: طیبہ شہباز بنام عوام الناس وغیرہ
طیبہ شہباز زوجہ شہباز علی تبسم ساکن نزد بسم اللہ میرج ہال فیصل کالونی مرید کے تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 27-10-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔
Cr..FW

ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گونمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوویلپمنٹ تحصیل وضلع بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد عمران ولد نور محمد ذات قاسمکا سکنہ موضع نھیم گڑھ تحصیل وضلع بہاولنگر نے درخواست گزاری ہے کہ میرے دختر حقیقی تنزیلہ بی بی تاریخ پیدائش 1-1-2017 و پسر محمد سلمان تاریخ پیدائش 5-8-2018 کا اندراج پیدائش لاعلمی کی بنا پر متعلقہ یونین کونسل میں نہ ہوسکا ہے اور نہ ہی درخواستی یا درخواستی کے کسی دیگر رشتہ دار نے قبل ازیں پاکستان کی کسی دیگر یونین کونسل یا کسی لوکل گورنمنٹ میں اندراج کروایا ہے۔ درخواستی اب پہلی دفعہ اندراج کروانا چاہتا ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر معیاد دس یوم دفتر مجاز عدالت ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گونمنٹ بہاولنگر/متعلقہ یونین کونسل ہمراہ ثبوت پیش ہو کر آگاہ کریں ورنہ بعد میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گونمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈوویلپمنٹ بہاولنگر
Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب محترمہ عاشی عظمت صاحبہ سول جج/گارڈین جج کوٹ رادھا کشن ضلع قصور

درخواست سٹیفکیٹ جانشینی
عنوان مقدمہ عامر سہیل پسر، سدرہ پروین دختر، سکینہ بی بی بیوہ محمد اسلم ساکن امیر صاحب کوٹ رادھا کشن ضلع قصور بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے تاریخ 23-10-2026 کو صبح 8.0 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔
C/o..RM

اطلاعِ عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی عدنان علی ولد محمد زمان ذات بودلہ سکنہ نزدیکی مسجد مکان نمبر 24 محلہ اسلام نگر بہاولنگر، نعیم خالد ولد خالد لطیف ذات آرائیں سکنہ نیوسٹی گولڈ، بہاولنگر، ہاؤسنگ سکیم ہاؤس نمبر CC-2، بہاولنگر، سے ایک عدد سکنی مکان واقع 37 ایم بلاک، کھاتہ نمبر 30/36 کھتونی نمبر 115، سالم کھاتہ 52 کنال خرید رہا ہوں۔
اس مکان کے سلسلے میں کسی کو کوئی اعتراض ہو تو وہ 7 یوم کے اندر اندر تحریری طور پر سب رجسٹرار آفس بہاولنگر کو مطلع کرے، بصورت دیگر رجسٹری مکان کی رجسٹری مکمل کر لی جائے گی اور بعد ازاں میں کوئی بھی اعتراض قابلِ قبول نہ ہوگا۔
اشتہار دہندہ: عدنان علی ولد محمد زمان قوم بودلہ، سکنہ نزدیکی مسجد مکان نمبر 24 محلہ اسلام نگر
Cr..Raja Kokab(R)

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ فیملی جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ: محمد عمیر عارف ولد محمد عارف ساکن محلہ کھوکھراں سرکلر روڈ پسرور شہر تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ\سائل نے درخواست تقرری گارڈین عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس کی نسبت درخواست ہو یا کسی کو کوئی عذر ہو تو اندر 7 (سات) یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Shan

بعدالت جناب ADLR صاحب پسرور

تصدیق وراثتی انتقال مورخہ 718 واقع موضع بسرائے تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ عنوان بالا کے تحت انتقال وراثت متوفی عبدالستار ولد محمد الدین روبرو بغرض تصدیق پیش کیا گیا۔ محمد الدین والد۔ عمران بی بی والدہ (پہلے فوت شد) محمد بی بی بیوی۔ محمد ابراہیم بیٹا۔ مقصودہ بی بی بیوی محمد ابراہیم کی (فوتشد)۔ حال وارثان میں (فلک شیر۔ شمس شیر۔ معظم شیر پسران محمد ابراہیم)۔ رحمت بی بی۔ بشری بی بی دختران عبدالستار متوفی موضع کے وارثان ظاہر ہیں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے اگر اس کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 (سات) یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Shan

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب سول جج چیچہ وطنی

نوعیت: دعوی حکم امتناعی دوامی
عنوان مقدمہ۔ منظور احمد بنام محمد حنیف وغیرہ بنام۔ محمد حنیف ولد عبداللہ قوم کھرل، رخسانہ بی بی زوجہ معشوق حسین قوم گجر ساکنان چک نمبر 114/7R چیچہ وطنی۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 02-11-2026 صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا
Cr..Tariq

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات

کے لیے سرکاری خریداری کے عمل کو ڈیجیٹلائز کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری افسران کو یقینی بنانا چاہیے کہ عوامی پیسے کو ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ خرچ کیا جائے۔وہ آڈٹ ہاؤس اسلام آباد میں پبلک پروکیورمنٹ رولز اور ای پی اے ڈی ایس 2.0 (2.0 EPADS) کے موضوع پر منعقدہ تربیتی پروگرام کے پہلے بیچ کی تکمیل پر منعقدہ تقریبِ تقسیمِ اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔یہ تربیتی پروگرام پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس اکیڈمی نے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی پی آر اے) کے اشتراک سے منعقد کیا۔پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس اکیڈمی (پی اے اے)، اسلام آباد کی جانب سے منعقدہ اس تربیتی پروگرام میں پی پی آر اے کے ماہرین نے تکنیکی سیشنز پیش کیے۔پروگرام کا مقصد سرکاری افسران کی پبلک پروکیورمنٹ کے قواعد وضوابط، طریقہ کار اور الیکٹرانک پبلک پروکیورمنٹ ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) 2.0 کے عملی استعمال سے متعلق استعداد کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ	سحر	10

کے حل، کاروبار کرنے کی لاگت میں کمی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی بڑھانے کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، اس ضمن میں برآمدات کی مسابقتی صلاحیت بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات پر کام جاری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت تجارت میں برآمد کنندگان اور اعلیٰ سرکاری حکام کے ساتھ دوسرے اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں پاکستان کی برآمدات کو متاثر کرنے والے مسائل اور ان کے حل کے لیے متعلقہ سرکاری محکموں کی جانب سے کی گئی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی، وزارت تجارت کے سینئر حکام اور متعلقہ وزارتوں اور محکموں کے نمائندوں نے شرکت کی

بقیہ	سحر	11

کر دی۔جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں۔بعدازاں سپریم کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 4 نومبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ	سحر	12

رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے تاکہ پاکستان اور جرمنی کے دوطرفہ تعلقات پر بات چیت کی جاسکے۔ان ملاقاتوں میں معاشی اور تجارتی تعاون پر خاص توجہ دی جائے گی۔یہ دورہ پاکستان اور جرمنی کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلوں کا حصہ ہے اور دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر خصوصی اہمیت کا حامل ہے جو اس سال منائی جا رہی ہے۔یہ دونوں ممالک کے باہمی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے گہرے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ	سحر	13

اور سینئر صحافیوں نے شرکت کی۔مباحثے میں ملک کے انتظامی مسائل کے حل، وسائل کی منصفانہ تقسیم، مضبوط بلدیاتی نظام اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔وفاقی وزیر احسن اقبال نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ پائیدار ترقی کے لیے سماجی شعبے کو مضبوط بنانا ضروری ہے، دنیا میں کوئی ایسا ملک نہیں جس نے ترقی کی ہو اور اس کے بچے سکولوں سے باہر ہوں، پاکستان میں ڈھائی کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں، اس لیے شرح خواندگی میں اضافے کے لیے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی

بقیہ	سحر	14

ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ملازمین کو 90 روز میں ڈیکلیریشن جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔حکومت نے غیر ملکی شہریت سے متعلق پرفارما بھی جاری کر دیا جس میں وزارتوں اور ڈویژنز کو ماتحت افسران کے متعلق تفصیلات جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔اس کے علاوہ زیرِ کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت اور زیرِ کفالت افراد کی سفری دستاویزات کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہے جب کہ غیر ملکی شہری سے شادی کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی۔

بقیہ	سحر	15

ممالک کے درمیان مذہبی وفود کے تبادلے، مذہبی تعلیم کے شعبے میں تعاون بڑھانے اور خطے میں بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور امن کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔فریقین نے اس امر پر زور دیا کہ مذہبی اور ثقافتی روابط کو مزید وسعت دے کر دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو نئی جہت دی جاسکتی ہے۔وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے مفتی اعظم ترکمانستان رحمٰن قربان میرادوف کے متوقع دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ معزز مہمان کے استقبال کے لیے تیار ہیں۔وزیر مذہبی امور نے اس امید کا اظہار کیا کہ مذہبی شخصیات اور وفود کے تبادلوں سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان قربت اور باہمی احترام کو فروغ حاصل ہوگا۔وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا نے کہا کہ پاکستان اور ترکمانستان کے مابین مذہبی تعلیم، ثقافت اور دیگر شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ دونوں ممالک اپنے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے مذہبی و ثقافتی روابط کو مزید مستحکم بنا سکتے ہیں

بقیہ	سحر	16

نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ پی ٹی آئی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری فردوس شمیم نقوی نے اپنا استعفیٰ پیش کیا، میں نے استعفیٰ منظور کرنے سے انکار کر کے واپس کر دیا۔انہوں نے مزید بتایا ہے کہ فردوس شمیم نقوی نے استعفیٰ 5 دن قبل دیا تھا۔

بقیہ	سحر	17

مذاکرات کے ذریعے معاملات حل کرنے کی بھرپور کوشش کی لیکن ایک سیاسی جماعت مسلسل احتجاج اور محاذ آرائی کی سیاست پر عمل پیرا ہے، اگر تحریک انصاف مذاکرات کے لیے تیار نہیں، وزیراعظم ہاؤس آنا چاہتی ہے نہ کسی معاہدے پر دستخط کرنا چاہتی ہے تو کسی کو زبردستی بات چیت پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاسی ماحول اس قدر تقسیم ہو چکا ہے کہ اسے بہتر بنانے کی اشد ضرورت ہے، حکومت کے پاس ایک بڑا موقع تھا کہ سیاسی تقسیم کم کی جاتی اور مذاکرات کے ذریعے ایسا طریقہ کار وضع کیا جاتا جس سے بات چیت کے راستے کھلتے۔

بقیہ	سحر	18

بنایا گیا، مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیراعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتہ کیا گیا۔سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھایا جا رہا ہے، محمود اچکزئی بان ءپی ٹی آئی کے مقرر کردہ قائد حزب اختلاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلا رہے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن سمیت اہم سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں۔

بقیہ	سحر	19

کے مطابق پاکستان اور یورپی یونین نے دہشتگردی کی تمام اقسام کی مذمت کی، یورپی یونین نے پاکستان میں حالیہ دہشتگرد حملوں کی مذمت کرتے ہوئے متاثرہ شہریوں سے اظہار یکجہتی کیا۔یورپی یونین کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا گیا۔پاکستان اور یورپی یونین نے افغانستان کی صورتحال کے سیکیورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا اور دہشتگردی کے خلاف عالمی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اگلا دور آئندہ سال برسلز میں ہوگا۔

بقیہ	سحر	20

آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی انتہائی اہمیت کا حامل ہے، گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا۔رواں برس دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔اس حوالے سے جرمن صدر کی صدر مملکت کو جرمنی کے دورے کی خصوصی دعوت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔۔

بقیہ	سحر	21

کوئٹہ جمہیں دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز وسے ملاقات کے دوران کیا

بقیہ	سحر	22

لیوی پر جماعت اسلامی پاکستان اور حکومتی کمیٹیوں کے درمیان مذاکرات آج بروز جمعہ 23 اکتوبر کو ہوں گے۔لیاقت بلوچ نے اس ضمن میں جماعت اسلامی کی کمیٹی کا اجلاس بھی اسلام آباد میں طلب کر لیا ہے۔ٹیلی فون رابطہ میں احسن اقبال نے کہا کہ دونوں اطراف کی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس منگل اور بدھ کو طے پایا تھا لیکن حکومت کی ہنگامی مصروفیات کی وجہ سے اب یہ اجلاس 23 اکتوبر کو پنجاب ہاؤس اسلام آباد میں ہوگا،

بقیہ	سحر	23

اور مسلسل محنت کی ضرورت ہے۔جمعرات کو یہاں سی ای او سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چین، ویتنام اور بنگلہ دیش جیسے ممالک نے اپنی اصل طاقت کو پہچان کر اور طویل مدتی پالیسیوں کے ذریعے شاندار ترقی حاصل کی ہے، ترقی کا اصل راز ایک لفظ اعتماد میں پوشیدہ ہے، جو ہمیں درست سمت کا تعین اور کامیابی کا لائحہ عمل فراہم کرتا ہے۔مشیر نجکاری محمد علی نے کہا کہ کسی بھی شعبہ کو آگے بڑھانے سے پہلے 5 بنیادی امتحانات سے گزرنا ہوگا جن میں مارکیٹ کی طلب، روزگار کے مواقع اور زرمبادلہ کا حصول شامل ہیں۔

بقیہ	سحر	24

تقریب میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، پاکستان میں جمہوریہ کوریا کے سفیر ہان سنگ ہو اور سفارتی کور کے ارکان بھی شریک ہوئے۔تقریب میں پاکستان اور جمہوریہ کوریا کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات اور بڑھتی ہوئی شراکت داری کو اجاگر کیا گیا، جو باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور امن، استحکام وخوشحالی کے فروغ کے عزم پر مبنی ہے

بقیہ	سحر	25

شرمندگی کا باعث بنتی ہیں۔نجی ٹی وی کے پروگرام آج شاہزیب خانزادہ کے ساتھ میں گفتگو کے دوران عظمیٰ بخاری نے کہا کہ حنا پرویز بٹ کتنی سنجیدہ ٹوئٹس کرتی ہیں میں اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتی، ن لیگی ایم پی اے ناسمجھی میں شاید ایسی باتیں کر جاتی ہیں، جو بعد میں ان کے لیے مسئلہ اور حکومت کے لیے شرمندگی کا باعث بنتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں بچوں اور خواتین کے خلاف جرائم میں پولیس کے پاس صرف 2 گھنٹے ہوتے ہیں، ان کیسز میں پولیس کو ملزمان کو گرفتار کرنا ہوتا ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ سی سی ڈی سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے لیے بنائی گئی ہے، اس کے بعد پنجاب میں جرائم میں کمی آئی ہے۔عظمیٰ بخاری نے یہ بھی کہا کہ سی سی ٹی وی فوٹیج تھی تو پتا چلا ورنہ بچے کا قتل ٹریفک حادثہ کہہ دیا جاتا، ستم ظریفی یہ بھی ہے کہ والد کے انتقال کے بعد رشتے داروں نے اس بچے کو ساتھ نہیں رکھا، آج بہت سارے رشتے دار سامنے آ رہے ہیں لیکن ان 2 بچوں کو 2 وقت کی روٹی دینے کو کوئی تیار نہ تھا۔صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اس بچے کو کوئی تنخواہ نہیں ملتی تھی، 2 وقت کی روٹی پر اس شخص کے پاس کام کر رہا تھا، بچے نے 3 دفعہ اس شخص سے بھاگنے کی کوشش کی۔

بقیہ	سحر	26

دیتا ہے۔انہوں نے پاکستان اور مالدیپ کے مابین پارلیمانی واقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے پر زور دیا اور کہا کہ پاک۔مالدیپ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ دوطرفہ پارلیمانی تعلقات کے فروغ میں فعال کردار ادا کر رہا ہے، پارلیمانی سفارتکاری علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے پاکستان اور مالدیپ کے مابین تجارتی حجم بڑھانے کے لیے ہونے والے معاہدوں کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ مالدیپ کے صدر کا دورِ پاکستان دوطرفہ تعلقات کے فروغ میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز نے پاکستان کے ساتھ تعلقات مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ مالدیپ کے عوام پاکستانی عوام کے ساتھ دلی وابستگی رکھتے ہیں۔مالدیپ کے صدر نے علاقائی امن کے قیام کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر حکومتِ پاکستان اور پاکستانی عوام سے اظہارِ تشکر کیا۔ملاقات میں ممبران قومی اسمبلی شازیہ ثوبیہ، شائستہ خان اور سنجے پروانی بھی موجود تھے۔

بقیہ	سحر	27

جرائم سمیت امن وامان کی مجموعی صورتحال میں بہتری کیلئے چار ہفتوں کی مہلت دے دی اور امن وامان کی مجموعی صورتحال میں بہتری نہ آنے پر متعلقہ پولیس افسر کو ہٹانے کی وارننگ دی۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پولیس کو تمام اضلاع بالخصوص صوبائی سرحدی علاقوں سے گندم کی سمگلنگ روکنے کی ہدایت کی اور پولیس میں انسداد رشوت ستانی مہم اور ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا حکم بھی دیا۔

بقیہ	سحر	28

جنرل ایوب بزدار کو نوٹس جاری کر دیے، عدالت نے یہ نوٹس محکمہ تعلیم پنجاب کی جانب سے دائر اپیل پر جاری کیے۔قائم مقام چیف جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، دورانِ سماعت قائم مقام چیف جسٹس نے محکمہ تعلیم پنجاب کی جانب سے مبینہ جعلی اسناد کے معاملے پر کی گئی کارروائی اور انکوائری سے متعلق اہم سوالات اٹھائے۔

بقیہ	سحر	29

کی ضرورت ہے، پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی اور کمرشل ہم آہنگی اور شراکت داری کی نئی راہیں ہموار کرنا ہے، پاکستان نے مشرقِ وسطیٰ کے موجودہ بحران میں کلیدی سیاسی کردار ادا کیا اور اب معاشی میدان میں بھی اپنی اہمیت وافادیت ثابت کریں گے۔

بقیہ	سحر	30

ملزم نے صحت جرم سے انکار کر دیا۔عدالت نے آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان طلب کر لیے۔پولیس نے ملزم کے خلاف تھانہ مارگلہ میں مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ	سحر	31

وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان کے مؤثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔جمعرات کو یہاں سی ای او سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ ان گزشتہ دو سال کے دوران پاکستان نے معاشی استحکام کے حصول میں نمایاں پیش رفت کی ہے

بقیہ	سحر	32

کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیاں ہوئی ہیں۔اعلامیے کے مطابق مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کیلیے 3 رکنی انکوائری کمیٹی قائم کی گئی ہے، ڈپٹی سیکریٹری ایڈمن ایجوکیشن نسیم خان اس کے سربراہ ہوں گے۔اعلامیہ محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم کے مطابق انکوائری کمیٹی میں سیکشن آفیسر آڈٹ مشتاق احمد شامل ہیں جبکہ ایک رکن انکوائری کمیٹی خود نامزد کرے گی۔اعلامیے کے مطابق 35 کروڑ 90 لاکھ 21 ہزار روپے کے ٹیبلٹس اور پی سیز کی خریداری کی تحقیقات ہوں گی، 1 کروڑ 54 لاکھ 45 ہزار روپے کی خریداری سے متعلق آڈٹ بھی انکوائری میں شامل ہے۔اعلامیے کے مطابق انکوائری کمیٹی خریداری کے مقصد، جواز اور آلات کے استعمال کا جائزہ لے گی، ڈپارٹمنٹل اکاؤنٹس کمیٹی کے فیصلے پر عمل درآمد نہ ہونے کی وجوہات کا تعین کیا جائے گا۔اعلامیے کے مطابق فیصلے پر عمل درآمد نہ کرنے کے ذمہ دار افسران، اہلکاروں کی نشاندہی کی جائے گی، خریدے گئے ٹیبلٹس، پی سیز کے اسٹاک رجسٹرز کی جانچ بفزیکل تصدیق کی جائے گی

بقیہ	سحر	33

نے ملزم کیخلاف تھانہ مارگلہ میں مقدمہ درج کر رکھا ہے

بقیہ	سحر	34

کرتے ہوئے صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے گزشتہ اڑھائی سالوں میں ریکارڈ ترقیاتی سکیمیں مکمل کیں۔گزشتہ اڑھائی سالوں میں پنجاب کے مختلف شعبوں میں اربوں ڈالر کی ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔انہوں نے کہا کہ کے پی کے میں 13 سال تک برسر اقتدار رہنے والی پی ٹی آئی کی حکومت وہاں ایک بڑا جنرل ہسپتال نہ بنا سکی۔

بقیہ	سحر	35

ملزم کی سی سی ڈی بہاولپور منتقلی کیسے ہوئی؟ کس ایکٹ کے تحت ملزم کی منتقلی ہوئی اور کس کی درخواست پر ملزم کو بہاولپور سی سی ڈی منتقل کیا گیا؟ تفصیلات سامنے آ گئی ہیں۔ذرائع کے مطابق ملتان میں رات کو ہونے والی ایک میٹنگ میں سی سی ڈی افسران نے موقف اختیار کیا تھا کہ تو قیر نذیر کا کوئی سابقہ مجرمانہ ریکارڈ نہیں اور مقدمہ ہائی پروفائل کیس کے زمرے میں بھی نہیں آتا۔ذرائع کا دعویٰ ہے کہ بعد میں لاہور سے سی سی ڈی کے ایک اعلیٰ افسر کی مداخلت پر معاملہ آگے بڑھا جب کہ سی پی او ملتان اختر فاروق کا کہنا تھا کہ مقدمہ سی سی ڈی کی درخواست پر منتقل کیا گیا۔دوسری جانب ڈسٹرکٹ آفیسر سی سی ڈی طاہر مجید کا کہنا ہے کہ 17 مختلف نوعیت کے سنگین جرائم سی سی ڈی کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں تاہم ایس او پیز کے تحت فی الحال 6 سے 7 نوعیت کے جرائم پر کام کیا جا رہا ہے، آرڈیننس میں مقدمات سی سی ڈی کو منتقل کرنے کا اختیار موجود ہے۔

بقیہ	سحر	36

پورٹ سے عمرہ اور سعودی عرب جانے والے دیگر مسافروں کے لیے لازمی ویکسینیشن کی تصدیق پر عملدرآمد 20 نومبر صبح 10 بجے سے کیا جائے گا

بقیہ	سحر	37

موجودہ بحران کا آئینی اور سیاسی حل تلاش کرنا چاہتی ہے تو منتخب نمائندوں کو غدار، سازشی یا غیر جمہوری قرار دینے کا اختیار چند افراد کو کس نے دیا ہے؟

بقیہ	سحر	38

نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز بھی جاری کیے۔رپورٹ کے مطابق زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی جس میں لائیوسٹاک نے اہم کردار ادا کیا جبکہ خدمات کے شعبے میں 4.1 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جبکہ مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہو کر مجموعی قومی پیداوار کے 2.6 فیصد کے برابر رہ گیا۔عالمی بینک کے مطابق مالی سال 26-2025ء میں عمومی مہنگائی کی اوسط شرح 7.1 فیصد رہی جبکہ سٹیٹ بینک نے شرح سود بڑھا کر 11.5 فیصد کر دی۔مالی سال 27-2026ء میں معاشی نمو 3.8 فیصد رہنے جبکہ رواں سال مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔

بقیہ	سحر	39

عبہر گل نے عمران خان کی بہنوں کی بازیابی کی درخواست پر سماعت کی۔دوران سماعت عظمیٰ خان کے شوہر احد خان نے عدالت سے استدعا کی کہ ڈپٹی کمشنر لاہور کو طلب کریں، اس پر جسٹس عبہر گل نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کو فریق ہی نہیں بنایا تو کیسے طلب کر لیں۔عدالت نے وکیل درخواست گزار سے سوال کیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور کو فریق کیوں نہیں بنایا؟

بقیہ	سحر	40

دبئی کی پرواز نمبر ایف زیڈ 326 کے ذریعے کراچی سے آذربائیجان جا رہے تھے، امیگریشن کے دوران مسافروں کا سفری پروفائل مشکوک معلوم ہونے پر انہیں روکا گیا، آف لوڈ کئے جانے والے مسافروں میں حافظ آصف، طارق بشیر اور محمد الیاس شامل ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ مسافروں کے موبائل فونز پر موجود پیغامات کی جانچ پڑتال سے یورپ جانے کے غیر قانونی منصوبے کا انکشاف ہوا، ابتدائی تحقیقات کے مطابق ان مسافروں نے آذربائیجان پہنچنے کے بعد وہاں سے سربیا اور دیگر یورپی ممالک میں غیر قانونی طور پر سفر کرنا تھا۔مسافروں نے انکشاف کیا کہ انہوں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے لئے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کئے تھے، جبکہ بقیہ رقم منزل پر پہنچنے کے بعد دی جانی تھی، تمام مسافروں کو مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات کے لئے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ	سحر	41

ڈیوٹی کے سلسلے میں جہلم سے لاہور جا رہے تھے کہ گاڑی کا ٹائر پھٹ گیا۔حادثے میں کانسٹیبل اصغر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ 3 اہلکار شدید اور 2 معمولی زخمی ہوئے۔اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں اور تمام زخمی اہلکاروں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال مرید کے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ	سحر	42

سے ہوئی۔مسافروں کے موبائل فون پیغامات کی جانچ اور دورانِ تفتیش پوچھ گچھ کے دوران مبینہ طور پر یورپ جانے کے غیر قانونی منصوبے کا انکشاف ہوا۔ابتدائی معلومات کے مطابق مسافروں نے آذربائیجان پہنچنے کے بعد سربیا اور دیگر یورپی ممالک میں غیر قانونی طور پر سفر کرنا تھا۔مسافروں نے انکشاف کیا کہ انہوں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کے لیے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے۔مسافروں کے مطابق باقی رقم منزل پر پہنچنے کے بعد ادا کی جانی تھی۔ترجمان کے مطابق مسافروں کو مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ	سحر	43

پاکستان لیاقت بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں پیٹرول لیوی کے خاتمے کے معاملے پر حکومتی اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کے اجلاس کا فیصلہ کیا گیا۔لیاقت بلوچ کے مطابق حکومتی اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس 23 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگا، جس میں وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات بھی طے ہوگی۔نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا کہ 23 اکتوبر جمعہ کو پیٹرول لیوی ٹیکس کے خاتمے کے لیے ملک گیر پرامن احتجاج ہوگا۔انہوں نے کہا کہ مذاکرات اور احتجاج ساتھ ساتھ جاری رہیں گے تاکہ عوام کو ریلیف ملے اور معاشی پہیہ چلے۔

بقیہ	سحر	44

میں ملزمہ

پنجاب حکومت نے گزشتہ اڑھائی سالوں میں ریکارڈ ترقیاتی سکیمیں مکمل کیں

چوہدری شافع

کے پی کے میں 13 سال تک برسر اقتدار رہنے والی پی ٹی آئی کی حکومت وہاں ایک بڑا جنرل ہسپتال نہ بنا سکی، وہاں گزشتہ 13 سال دہشت گردی اور کرپشن کا راج رہا، امن وامان کی خراب صورتحال کے باعث وہاں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانا پڑا

صوبائی وزیر صنعت و تجارت کا دورہ گجرات، مرکزی انجمن تاجران صرافہ بازار کی تقریبِ حلف برداری میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے گجرات کا دورہ کیا جہاں مرکزی انجمن تاجران صرافہ بازار کی تقریبِ حلف برداری میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے نومنتخب عہدیداروں سے حلف لیا اور انہیں کامیابی پر مبارکباد دی۔ صدر مرکزی انجمن تاجران صرافہ بازار سیٹھ ارشد علی صراف، سینئر نائب صدر وحید کرامت، سیکرٹری جنرل حافظ ایوب صراف ودیگر نومنتخب عہدیداروں نے حلف اٹھایا۔ تقریب سے خطاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

خیبر پختونخوا اسکولوں کیلئے ٹیبلٹ اور کمپیوٹرز کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیاں، انکوائری کمیٹی بنادی گئی

پشاور (اے ایف بی) خیبر پختونخوا کے اسکولوں کیلیے خریدے گئے ٹیبلٹ اور کمپیوٹرز سے متعلق تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی بنادی گئی۔ محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم خیبر پختونخوا کے اعلامیے کے مطابق صوبے کے اسکولوں کیلیے ٹیبلٹ اور کمپیوٹرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

گروپ کیپٹن عاصم طارق کا قتل؛ ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد

ملزم کا صحت جرم سے انکار، آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان طلب

اسلام آباد (اے ایف بی) انسدادِ دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے گروپ کیپٹن عاصم طارق کے قتل کیس میں ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد کر دی۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی، ملزم سعد عباسی کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت نے ملزم پر فرد جرم عائد کر دی جبکہ ملزم نے صحت جرم سے انکار کر دیا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان طلب کر لیے۔ پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال

محدود پیمانے کی بنیاد پر پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جارہی ہے، کسٹمز حکام

گوادر (اے ایف بی) گوادر کے قریب پاک ایران سرحد گبد پر محدود پیمانے پر تجارتی سرگرمیاں بحال کردی گئیں، جہاں سامان کی ترسیل اور ایکسپورٹ کی کلیئرنس دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق محدود پیمانے کی بنیاد پر صرف پہلے سے کلیئر امپورٹ گاڑیوں کو پاکستان آنے کی اجازت دی جارہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرحدی گزرگاہ سے مستقل اور دیگر سامان کی ترسیل کیلئے درآمدات وبرآمدات بند ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق بارڈر پر تجارتی سرگرمیاں مرحلہ وار بحال کیے جانے کا امکان ہے۔

آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام، 3 مسافر آف لوڈ

امیگریشن کے دوران مسافروں کا سفری پروفائل مشکوک معلوم ہونے پر انہیں روکا گیا

ملتان (اے ایف بی) آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 مسافروں کو پرواز سے آف لوڈ کر دیا گیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن ملتان نے ایک کارروائی کے دوران آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے تین مسافروں کو پرواز سے آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق یہ مسافر فلائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

لاہور، سیالکوٹ موٹروے پر ایلیٹ فورس کی گاڑی کو حادثہ، ایک اہلکار شہید، 5 زخمی

ایلیٹ فورس کے اہلکار کرکٹ میچ کی خصوصی ڈیوٹی کیلئے جہلم سے لاہور آرہے تھے

مرید کے (بیورو رپورٹ) لاہور سیالکوٹ موٹروے پر مرید کے نارووال انٹرچینج کے قریب ایلیٹ پولیس کی گاڑی کا ٹائر پھٹنے سے حادثے کے نتیجے میں ایک کانسٹیبل شہید جبکہ 5 اہلکار زخمی ہوگئے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق ایلیٹ فورس کے اہلکار کرکٹ میچ کی خصوصی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام، 3 مسافر آف لوڈ

مسافروں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کے لیے دہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے

ملتان (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے امیگریشن ملتان نے آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 26 کے ذریعے ملتان سے آذربائیجان جارہے تھے۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مشکوک سفری پروفائل سامنے آنے پر مسافروں کو مزید جانچ پڑتال اور تفصیلی انٹرویو کے لیے ریفر کیا گیا۔ مسافروں کی شناخت حافظ محمد آصف، طارق بشیر اور محمد الیاس کے نام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور: عوامی رکشہ یونین کے زیر اہتمام لبرٹی چوک میں ایل پی جی مافیا کی گراں فروشی اور ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کے خلاف احتجاج کیا جارہا ہے

لاہور میں 3 جعلی کال سینٹرز پر چھاپے، 59 ملزمان گرفتار

ملزمان میں 52 مرد اور 7 خواتین شامل، 61 لیپ ٹاپس، 21 کمپیوٹر سسٹمز اور 52 موبائل فونز بھی برآمد کیے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے لاہور کے علاقے گلبرگ میں 3 جعلی کال سینٹرز پر چھاپے مار کر 59 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں 52 مرد اور 7 خواتین شامل ہیں جبکہ 61 لیپ ٹاپس، 21 کمپیوٹر سسٹمز اور 52 موبائل فونز بھی برآمد کیے گئے ہیں۔ این سی سی آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں، 42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی کو سندھ حکومت کی جانب سے گرانٹ نہیں دی جاتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

لاہور میں کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے حوالے سے اہم فیصلہ

کمرشل ڈرائیورز کے لائسنس کی تجدید کیلئے میڈیکل کیساتھ سی آر اور ریکارڈ لازمی کرنے کی تجویز

شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور قیمتی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور میں خونی حادثات کی روک تھام کیلئے کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے حوالے سے اہم فیصلہ ہوگیا۔ لاہور میں رجسٹرڈ کل گاڑیوں کی 4 فیصد کمرشل گاڑیاں جان لیوا حادثات میں 44 فیصد ملوث ہیں، اس لئے ٹرالرز اور ہیوی گاڑیوں کے ڈرائیورز کا ہر سال میڈیکل بورڈ سے طبی معائنہ کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی نے کمرشل ڈرائیورز کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

پی ٹی آئی پنجاب اسمبلی کا اجلاس بلانے میں تذبذب کا شکار، ریکوزیشن جمع نہ ہوسکی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے معاملے پر پارٹی میں مشاورت جاری، ریکوزیشن جمع نہ ہونے پر ارکان اسمبلی بھی حیران

لاہور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف پنجاب اسمبلی کا اجلاس بلانے کے حوالے سے تذبذب کا شکار ہوگئی ہے۔ اجلاس بلانے کے لیے پی ٹی آئی میں گزشتہ کئی روز سے مشاورت جاری ہے تاہم تاحال ریکوزیشن جمع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے الائیڈ ونگز کی تنظیم نو کا آغاز، درخواستیں طلب

پیپلز یوتھ اور پی ایس ایف کے عہدیداروں کے انتخاب کے لیے 15 نومبر آخری تاریخ مقرر

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب نے اپنے الائیڈ ونگز کی تنظیم نو کا عمل شروع کردیا۔ اس سلسلے میں پارٹی کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن اور پیپلز یوتھ وسطی پنجاب کے مختلف عہدوں کے لیے اہل رہنماؤں اور کارکنوں سے درخواستیں طلب کرلی ہیں۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 نومبر 2026ء مقرر کی گئی ہے جبکہ امیدواروں کو اپنی درخواستیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

لیسکو کا لائن اسٹاف کی بھرتی کے لیے نجی کمپنی سے معاہدہ، ٹھیکیداری نظام کے تحت تعیناتی کا فیصلہ

اسسٹنٹ لائن مین سمیت دیگر عملہ مختلف دفاتر میں تعینات کیا جائیگا، نجی کمپنی کے ذریعے بھرتی کیے جانے والے ملازمین کے انٹرویوز مکمل

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے لائن اسٹاف کی بھرتی کے لیے نجی کمپنی کے ساتھ معاہدہ کرلیا، جس کے تحت اسسٹنٹ لائن مین سمیت لائن اسٹاف کو ٹھیکیداری نظام کے تحت مختلف دفاتر میں تعینات کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق معاہدے کے تحت بجلی کی لائنوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

قائداعظم یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر کی مدت ملازمت میں مزید توسیع

ڈاکٹر ظفر جسپال مزید 3 ماہ قائداعظم یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہیں گے، رپورٹ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قائداعظم یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر ڈاکٹر ظفر جسپال کی مدت ملازمت میں مزید توسیع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا۔ فون: 04235220396
E:Mail dailysehar1@gmail.com

صدارتی حکمنامے اور سرکاری رہائشگاہ خالی کرنے کے حکم میں اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کا ذکر نہیں ہے، عدالت

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائیکورٹ نے غیر فعال ڈپٹی اسپیکر کی سرکاری رہائش گاہ سے متعلق کیس میں نوٹس معطل کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

کراچی، فارما ایشیا 2026 کے دوسرے روز بھی ملکی وغیر ملکی کمپنیوں کی بھرپور شرکت

نمائش کا انعقاد ایس آئی ایف سی، ای کامرس گیٹ وے پاکستان اور پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اشتراک سے کیا گیا

فارما ایشیا نمائش پاکستان کی فارماسیوٹیکل اور نیوٹراسیوٹیکل صنعت میں بین الاقوامی تعاون اور کاروباری شراکت داریوں کے فروغ کا اہم پلیٹ فارم ہے

کراچی (اے ایف بی) فارما ایشیا 2026 کے دوسرے روز بھی ملکی وغیر ملکی کمپنیوں کی بھرپور شرکت سے ایکسپو کامیابی کی جانب گامزن ہے۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری 24 ویں فارما ایشیا انٹرنیشنل ایگزیبیشن اینڈ کانفرنسز کے دوسرے دن کی سرگرمیاں کامیابی سے مکمل ہوگئیں، جبکہ نمائش کے دوسرے روز بھی سرگرمیاں جاری رہیں۔ نمائش کا انعقاد ایس آئی ایف سی، ای کامرس گیٹ وے پاکستان اور پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اشتراک سے کیا گیا۔ فارما ایشیا 2026 میں ملکی وغیر ملکی فارماسیوٹیکل کمپنیوں اور بین الاقوامی تجارتی نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ نیوٹراسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی: سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد انسداد دہشتگردی عدالت میں پیشی کے بعد کا واپس آرہے ہیں

منشیات برآمدگی کیس میں انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست دائر

کراچی: (اے ایف بی) منشیات برآمدگی کیس میں انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست دائر کر دی گئی۔ کراچی کی عدالت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

یوم فتح مظفر آباد منایا گیا، 22 اکتوبر 1947 کو مظفر آباد میں ڈوگرہ راج کے خلاف فیصلہ کن پیش قدمی کا آغاز ہوا

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) 22 اکتوبر یوم فتح مظفر آباد جمعرات کو منایا گایہے، جو ڈوگرہ راج کے خلاف کشمیریوں کی تاریخی جدوجہد کا یادگار دن ہے۔ 22 اکتوبر 1947 کو مظفر آباد میں ڈوگرہ راج کے خلاف فیصلہ کن پیش قدمی کا آغاز ہوا، جب پٹیالہ اور ڈوگرہ فورسز کے مظالم کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

سینیٹر کامران مرتضیٰ کی مبینہ پولیس مقابلوں کے حالیہ واقعات سے متعلق تحریک سینیٹ میں جمع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علما اسلام کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے مبینہ پولیس مقابلوں کے حالیہ واقعات سے متعلق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

پنجاب حکومت کا میانوالی سمیت پنجاب کے چار اضلاع میں جدید زرعی پراسیسنگ پارکس بنانے کا حتمی فیصلہ

اس منصوبے پر مجموعی طور پر 60 ارب روپے کی لاگت آئے گی، صوبائی کابینہ پنجاب نے منصوبے کی حتمی منظوری دے دی

ہر زرعی پراسیسنگ پارکس تقریباً 250 ایکڑ رقبے پر قائم ہوگا، اور ہر پارکس کیلئے پندرہ ارب روپے کی سرمایہ کاری مختص کرنے کا منصوبہ ہے

میانوالی (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب نے میانوالی سمیت پنجاب کے چار اضلاع میں جدید زرعی پراسیسنگ پارکس بنانے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے، اس منصوبے پر مجموعی طور پر 60 ارب روپے کی لاگت آئے گی، صوبائی کابینہ پنجاب نے منصوبے کی حتمی منظوری دے دی ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب نے متعلقہ محکموں کو عملی اقدامات تیز کرنے کی خصوصی ہدایات جاری کردی ہیں، سرگودھا ڈویژن کے چار اضلاع میانوالی، سرگودھا، خوشاب اور بھکر جدید ایگرو پراسیسنگ پارکس کلسٹرز بنائے جائیں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بتایا کہ اس قومی منصوبے پر 60 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی جائے گی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

پاکستان میں گریجویٹس کی بیروزگاری معیشت کیلئے بڑا چیلنج، روزگار کے مواقع بڑھائے جائیں، مدثر مسعود چوہدری

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کی مجموعی ایف ڈی آئی میں چین 27.4 فیصد کیساتھ سرفہرست

لاہور (سٹاف رپورٹر) رواں مالی سال مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں چین 27.4 فیصد کے ساتھ سرفہرست ہے، پاکستان میں مجموعی خالص براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

گن ڈاگ کلب اور کینل کلب آف پاکستان کے انتخابات، محسن نقوی اور ناصر اسحاق ملک صدر منتخب

لاہور (سٹاف رپورٹر) گن ڈاگ کلب آف پاکستان اور کینل کلب آف پاکستان کے انتخابات ڈیفنس رایا گالف اینڈ کنٹری کلب لاہور میں منعقد ہوئے، جن میں دونوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ڈپٹی کمشنرز کو گرفتاری اور نظر بندی کے اختیارات تفویض کردیئے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں گورنر فیصل کریم کنڈی نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر ڈپٹی کمشنرز کو ایم پی او آرڈیننس کے تحت گرفتاری اور نظر بندی کے اختیارات ضلعی انتظامیہ کو منتقل کردیئے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ڈپٹی کمشنرز کو ایم پی او آرڈیننس 1960 کے سیکشن 3، ذیلی سیکشن ایک کے تحت اختیارات تفویض کردیئے۔ محکمہ داخلہ وقبائلی امور کے اعلامیے کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

گورنر ہاؤس لاہور میں گورنر پنجاب سے اہم ملاقات

ملاقات میں صحافی برادری کے مسائل کو اجاگر کرنے اور علاقائی امور پر بات چیت کو اہمیت دی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر ہاؤس میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ممبر پریس کلب پسرور غلام عباس خان اور سماجی کارکن سید حسن علی گیلانی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صحافیوں کو درپیش مسائل اور ان کے حل سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ علاقائی مسائل اور دیگر اہم معاملات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں صحافی برادری کے مسائل کو اجاگر کرنے اور علاقائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ممبر پریس کلب پسرور غلام عباس خان اور سماجی کارکن سید حسن علی گیلانی ملاقات کرتے ہوئے

صنعتوں کو سستی، معیاری اور قابلِ اعتماد بجلی کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ملک فیصل ایوب کھوکھر

بیٹری اسٹوریج سسٹم سے پاور کوالٹی بہتر اور بجلی کی فراہمی میں استحکام آئے گا، صوبائی وزیر توانائی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم کے مجوزہ پائلٹ پراجیکٹس کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صنعتی علاقوں میں سولر انرجی اور بیٹری اسٹوریج سسٹم کے ذریعے بجلی کی فراہمی کو بہتر بنانے، صنعتی پیداواری لاگت میں کمی لانے اور توانائی کے مؤثر استعمال کو فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری توانائی محمد اجمل بھٹی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر توانائی کو مجوزہ منصوبے کے تکنیکی خدوخال، سولرائزیشن، بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم کی تنصیب اور صنعتی شعبے کو بجلی کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

لاہور مسلسل چوتھے روز دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار

لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 294 تک پہنچ گیا ہے، عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ، مزید بڑھ سکتا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کو مسلسل چوتھے روز دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دیا گیا ہے۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 294 تک پہنچ گیا ہے۔ لاہور کے علاقے کاہنہ نو کا اے کیو آئی 352 اور اقبال ٹاؤن کا 342 ریکارڈ ہوا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں آئندہ آنے والے دنوں میں اے کیو آئی مزید بڑھ سکتا ہے اور یہاں موسم مسلسل خشک رہنے کا امکان ہے اور بارش کا امکان بھی نہیں ہے۔

پنجاب کے تعلیمی بورڈز گیارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان کردیا

لاہور تعلیمی بورڈ کے مطابق انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کے امتحانات میں کامیابی کا تناسب 60.03 فیصد رہا

بہاولپور میں کامیابی کا مجموعی تناسب 53.46 فیصد رہا، امتحانات میں 49 ہزار 658 امیدواروں کی شرکت کی، 26 ہزار 548 کامیاب قرار پائے

لاہور / راولپنڈی / ملتان / فیصل آباد / بہاولپور / گوجرانوالہ (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور سمیت پنجاب کے تعلیمی بورڈز نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون (گیارہویں جماعت) 2026ء کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا۔ لاہور تعلیمی بورڈ کے مطابق انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کے امتحانات میں کامیابی کا تناسب 60.03 فیصد رہا، امتحان میں کل 1 لاکھ 65 ہزار 245 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 99 ہزار 191 طلباء و طالبات کامیاب ہوئے، امتحان میں 66 ہزار امیدوار فیل ہوگئے۔ ایجوکیشن بورڈ راولپنڈی کے 11 ویں کلاس کے نتائج کے مطابق امتحان میں 55834 امیدوار شریک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

لاہور: صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر کو پنجاب کے تین بڑے صنعتی علاقوں میں بیٹری انرجی سٹوریج سسٹم کے پائلٹ پراجیکٹس شروع کرنے پر بریفنگ دی جارہی ہے

لاہور: ریلوے ورکرز یونین سی بی اے نظریاتی ورکشاپس کے زیر اہتمام کیرج ورکشاپ میں ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کر رہے ہیں

ملتان میں یتیم بچے کی ہلاکت کا واقعہ: ملزم کی سی سی ڈی منتقلی کی تفصیلات سامنے آگئیں

ملتان (اے ایف بی) ملتان میں 15 سالہ یتیم لڑکے کی ہلاکت میں گرفتار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

حج وعمرہ زائرین کیلئے لازمی ویکسینیشن کی مدت میں توسیع

کراچی (اے ایف بی) سعودی عرب جانے والے مسافروں کیلئے لازمی ویکسینیشن کی مدت میں ایک ماہ کی توسیع کردی گئی۔ کراچی ایئر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

علی امین گنڈاپور کا سلمان اکرم راجہ سے الزامات کے شواہد سامنے لانے کا مطالبہ

اگر کسی نے گورنر راج کی راہ ہموار کی ہے تو اس حوالے سے شواہد سامنے لائے جائیں، سابق وزیر اعلیٰ

اسی طرح اگر علی اصغر خان کو قائم مقام صدر مقرر کیا گیا ہے تو اس کا باضابطہ نوٹی فکیشن بھی پیش کیا جائے

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کے حالیہ بیان کو افسوس ناک، غیر ذمہ دارانہ اور پارٹی کے داخلی اتحاد کیلئے نقصان دہ قرار دیدیا ہے۔ ایک بیان میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ غیر جمہوری فیصلہ سازوں اور مبینہ گروپ کی سازش کا ذکر کرنے والے پہلے واضح کریں کہ وہ کون لوگ ہیں اور کن اراکین اسمبلی پر الزام عائد کیا جارہا ہے کہ وہ بانی پی ٹی آئی اور سیاسی کمیٹی کی اجازت کے بغیر صوبائی صدر یا آئندہ وزیر اعلیٰ کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی نے گورنر راج کی راہ ہموار کی ہے تو اس حوالے سے شواہد سامنے لائے جائیں، اسی طرح اگر علی اصغر خان کو قائم مقام صدر مقرر کیا گیا ہے تو اس کا باضابطہ نوٹی فکیشن بھی پیش کیا جائے۔ علی امین گنڈاپور نے سوال اٹھایا کہ اگر خیبر پختونخوا کی پارلیمانی پارٹی مشاورت کے ذریعے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

عالمی بینک کی پاکستان میں مہنگائی کی شرح 8.2 رہنے کی پیش گوئی

ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز بھی جاری کیے

زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی جس میں لائیوسٹاک نے اہم کردار ادا کیا جبکہ خدمات کے شعبے میں 4.1 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان کی ترقیاتی صورتحال سے متعلق سال 2026ء کی اقتصادی رپورٹ جاری کردی جس میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 26-2025ء میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ عالمی بینک کے مطابق ایس اینڈ پی اور موڈیز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان کے بہنوں کی بازیابی کی درخواست پر وزیر داخلہ پنجاب اور جیل سپرنٹنڈنٹ عدالت طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے عمران خان کی بہنوں کی بازیابی کے کیس میں وزیر داخلہ پنجاب اور جیل سپرنٹنڈنٹ کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے

اسلام آباد (اے ایف بی) پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے ہوگیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

ہارون اختر کی ایس ایم ایز کے کاروباری کلسٹرز کے ساتھ مالی سہولتوں تک رسائی کے حوالے سے مشاورتی نشست، بینکوں کو کاروباروں کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، کاروباری کلسٹرز، بینکوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور، سلنڈر 10 ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگیا جس سے قیمت 750 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور کیا جارہا ہے جس کے سبب سلنڈر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

2026 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ، عالمی بینک کی رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان کی ڈیولپمنٹ اپ ڈیٹ 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کردی۔ عالمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

پی ٹی آئی نے آئندہ 10 روز میں اے پی سی بلانے کا اعلان کردیا

لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتا کیا گیا، ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھای